اِبلیس تا دیوبند
تصنیف لطیف
مفسر اعظم پاکستان، شیخ الحدیث والقرآن پیر طریقت، رہبر شریعت
مُفتی مُحمّد فیض اَحمد اُویسی رضوی علیہ الرحمۃ اللہ القوی
www.FaizAhmedowaisi.com

www.FaizAhmedOwaisi.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا رَحۡمَةً لِّلۡعَالَمِيۡنَ ﷺ

ابلیس تا دیوبند

از

فیضِ ملت، آفتابِ اہلسنت، امام المناظرین، مُفسرِ اعظم پاکستان

حضرت علامہ الحافظ مفتی ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی نوراللہ مرقدہٗ

نوٹ: اگر اس کتاب میں کمپوزنگ کی کوئی بھی غلطی پائیں تو برائے کرم ہمیں مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر مطلع کریں تاکہ اُس غلطی کو صحیح کرلیا جائے۔ (شکریہ)

admin@faizahmedowaisi.com

www.FaizAhmedOwaisi.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَحۡدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنۡ لَا نَبِیَّ بَعۡدَہٗ

﴿پیش لفظ﴾

ابلیس بذاتِ خود آج کل کے کئی انسانوں سے بہتر پوزیشن (Position) میں ہے۔

(1) وہ موحد ہے (2) سب سے بڑے گناہ شرک سے مجتنب (3) وہ مُلحد اور دہریہ نہیں ہے۔ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو رب کہہ کر پکارتا ہے اور اس کی عزت کی قسم کھاتا ہے۔ (4) یہ کہ یومِ حشر اور جزا پر بھی یقین رکھتا ہے (5) وہ صرف انسان کا دشمن ہے اور اللہ تعالیٰ کا دشمن نہیں ہے۔ اگرچہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ سب سے بڑا دشمن ہے۔

باوجود این ہمہ وہ جب لعنتی ہوا تو اس نے قسم کھائی تھی کہ لَاُغۡوِیَنَّھُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ

ترجمہ: ضرور میں ان سب کو بے راہ کردوں گا۔ (پارہ ۱۴، سورۃ الحجر، ایت ۳۹)

اِلَّا عِبَادَکَ مِنۡھُمُ الۡمُخۡلَصِیۡنَ

ترجمہ: مگر جو ان میں تیرے چُنے ہوئے بندے ہیں۔ (پارہ ۱۴، سورۃ الحجر، ایت ۴۰)

یعنی انہیں میں گمراہ نہ کرسکوں گا۔ ظاہر ہے کہ وہ انسان کو گمراہ کرنے میں ایڑی چوٹی کا زور لگائے گا اور لگا رہا ہے لیکن گمراہی سے مراد صرف عملی غلط کرداری مراد نہیں کیونکہ وہ تو قیامت میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم یا شفاعتِ امام الانبیاء و دیگر انبیاء و رسل اور اولیاء کرام وغیرھم کی شفاعت سے بخشی جائیگی نا قابلِ معافی جرم شرک و کفر اور غلط عقائد ہیں۔ فقیر اس تصنیف میں دلائل سے ثابت کرے گا کہ ابلیس کے عقائد کے کون سا فرقہ قریب یا مماثل ہے جب کہ آج کل دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں اور ہر فرقہ شیطان سے برأت کا اظہار کرتا ہے لیکن اس تصنیف میں واضح ہوجائیگا کہ ابلیس کے ساتھ عقیدہ و طریقہ کی ہمنوائی کس فرقہ کو ہے جس فرقہ کے متعلق یقین ہوجائے اس سے دور رہنے کی کوشش فرمائیے اور بس۔

وَمَا عَلَیۡنَا اِلَّا الۡبَلَاغُ الۡمُبِیۡن

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی غفرلہٗ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّاھُوَّ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ ھُوَ عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

ابلیس کی کہانی: یہ مشہور ومعروف کہانی ہے کسی سے اوجھل نہیں ہر مذہب اور ہر فرقہ کا ہر فرد اس سے نہ صرف واقف ہے بلکہ شب وروز کوشاں ہے کہ اس کے دامِ تزویر سے بچا جائے لیکن یہ بھی ایسا چالاک ہے کہ الٹا اس نے گمراہ فرقوں کو اپنے مشن کو کامیاب بنانے کے لئے اپنا آلۂ کار بنایا ہوا ہے جس کا انہیں شعور تک نہیں۔ فقیر اس تصنیف میں کچھ عرض کرے گا جس سے واضح ہو جائے گا کہ اُس کے اِس دُنیا میں آلہ کارکون ہیں۔

ابلیس لعنتی ہونے سے پہلے: آدم علیہ السلام سے پہلے ہزاروں سال ابلیس بظاہر برگزیدۂ حق تھا اور اطاعتِ حق تعالیٰ میں ایسے کارنامے سرانجام دیئے جو اپنی مثال خود تھے نمونہ ملاحظہ ہو۔

تمام اسلامی فرقے متفق ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے تقریباً سوالاکھ برس پہلے اللہ تعالیٰ نے جنات کو زمین پر آباد کیا تھا زمین میں جنوں کی نسل بودوباش کے لئے جگہ نہ رہی تو حق تعالیٰ نے کچھ جنات کو ہوا میں رہنے کے لئے جگہ عطا فرمائی اور کچھ پہلے آسمان پر رہنے لگے اور ان میں سلسلۂ توالد وتناسل بھی تھا۔ انہیں میں ابلیس بھی تھا چنانچہ وہب بن منبہ کی طویل روایت کا ایک حصّہ یہ ہے: و کان یلد من الجان الذکر و الأنثی ومن الجن کذلك توأمین فصاروا سبعین ألفاً وتوالدوا حتی بلغوا عدد الرمل فتزوج إبلیس امرأة من ولد الجان فکثر أولاده وانتشروا حتی امتلأت الأقطار منهم ثم أسکن الله الجان فی الھواء وإبلیس وأولاده فی سماء الدنیا وأمرھم بالعباد والطاعة فکانت السماء تفتخر علی الأرض بأن الله رفعھا وجعل فیھا ما لم یکن فی الأرض

(الانس الجلیل بتاریخ القدس والخلیل، الباب ذکر الجن والجان وماکان من ابتداء امرھم وعبادۃ ابلیس، الجزء ۱، الصفحۃ ۳۷و ۶۳)

یعنی جنات کی افزائشِ نسل کا یہ عالم تھا کہ ایک حمل سے ایک لڑکا ایک لڑکی (جڑواں) پیدا ہوتے تھے جب ان لوگوں کی تعداد 70 ہزار ہوگئی اور بیاہ شادی کا سلسلہ جاری رہا تو پھر ان کی اولاد کی کوئی گنتی (حساب) نہ رہا ابلیس نے بھی بنوالجان کی ایک لڑکی سے شادی کرلی اس کے بعد بہت سی اولاد پیدا ہوئی اور جان کی نسل کے لئے دنیا میں رہنے کے لئے جگہ نہ رہی تو اللہ تعالیٰ نے جان کو ہوا میں رہنے کے لئے مقام عطا فرمایا اور ابلیس اور اس کی اولاد کو پہلے آسمان میں رہنے کے لئے جگہ دی اور ان دونوں کو اپنی اطاعت وعبادت کا حکم بھی دیا اب چونکہ زمین خالی ہوچکی تھی اور زمین پر خدا تعالیٰ کا کوئی بھی

www.Faizahmedowaisi.com

ذکر کرنے والا نہ تھا تو آسمان اپنی بلندی اور اپنے اندر ذاکرین کی جماعت کی وجہ سے زمین پر فخر کرتا تھا۔

زمین پر شر اور دنگا فساد کا آغاز: عرصہ دراز تک ہوا میں رہتے رہتے جب شیاطین گھبرائے تو انہوں نے حق تبارک وتعالیٰ سے درخواست کی کہ ہمیں زمین پر رہنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ حق تعالیٰ نے ازراہ لطف وکرم اجازت عطا فرمادی اور ان سے عہد ومیثاق لے کر تاکید کی کہ زمین پر پہنچ کر میری عبادت سے غافل نہ ہو جانا شیاطین اپنی شرارت سے کب باز آنے والے تھے کچھ عرصہ زمین پر رہنے کے بعد وہ طوفانِ بدتمیزی مچایا کہ زمین نے بھی پناہ مانگ لی۔ اس پر آسمان والوں نے زمین پر آنے کی درخواست کی چنانچہ ملاحظہ ہو فأشرفت الجان على الأرض وقالت ربنا أهبطنا إلى الأرض فأذن الله لهم بذلك على أن يعبدون ولا يعصوه فأعطوه العهود على ذلك ونزلوا وهم ألوف فعبدوا الله حق عبادته دهراً طويلاً ثم أخذوا فى المعاصى وسفك الدماء حتى استغاثت الأرض منهم وقالت ان خلوى يا رب أحب إلى

(الانس الجليل بتاريخ القدس والخليل، الباب ذكر الجن والجان وماكان من ابتداء امرهم وعبادة ابليس، الجزء ١، الصفحة ٣٧)

یعنی اس کے بعد شیاطین نے حق تعالیٰ سے زمین پر رہنے کی اجازت مانگی اللہ نے اجازت دے دی اور ان سے اپنی عبادت واطاعت کا عہد لے لیا شیاطین ایک طویل زمانے تک خدا کی اطاعت کرتے رہے اس کے بعد گناہوں میں مبتلا ہو گئے ناحق خونریزی شروع کردی زمین نے ان کی شرانگیزی سے پناہ مانگتے ہوئے اللہ سے فریاد کی الٰہ العٰلمین بہتر تو یہی تھا کہ تو شیاطین کو میری پُشت پر آباد نہ کرتا۔

جنات وشیاطین کی خباثتوں اور شرارتوں کے نمونے: مذکورہ بالا شرارتوں اور خباثتوں میں ابلیس کو شامل نہ سمجھنا بلکہ وہ اس وقت مصلحین (صالحین) میں سے تھا جیسا کہ آئیگا اور نہ ہی جنات وشیاطین کی معمولی شرارتیں تھیں وہ ایسے نامراد واقع ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی اصلاح کے لئے ان کی جنس یعنی جنات سے انبیاء کرام علیہم السلام بھیجے جن کو ان خبیثوں نے شہید کرڈالا اور ایسے غلط اُمور کے مرتکب ہوئے جن سے دھرتی نے تنگ ہو کر فریاد کی تو ان کا مُصلح اکبر ابلیس مقرر ہوا۔ چنانچہ ملاحظہ ہو قال كعب الأحبار فأول نبى بعثه الله من الجان نبياً منهم يقال له عامر بن عمير بن الجان فقتلوه ثم بعث لهم من بعد عامر صاعق بن ماعق بن مارد بن الجان فقتلوه

(الانس الجليل بتاريخ القدس والخليل، الباب ذكر الجن والجان وماكان من ابتداء امرهم وعبادة ابليس، الجزء ١، الصفحة ٣٧)

یعنی کعب احبار فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جنات میں سے سب سے پہلے جس نبی کو ہدایت کے لئے بھیجا تھا ان کا نام عامر بن عمیر بن الجان تھا جنات نے ان کو قتل کر دیا ان کے بعد صاعق بن ماعق بن مارد بن الجان کو بھیجا تو وہ بھی جنات کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔

فائدہ: روایت مذکورہ بالا میں حضرت کعب نے فرمایا کہ حتی بعث اللہ إلیھم ثمانمائۃ نبی فی ثمانمائۃ سنۃ فی کل سنۃ نبیاً وھم یقتلونھم

(الانس الجلیل بتاریخ القدس والخلیل، الباب ذکر الجن والجان وماکان من ابتداء امرھم وعبادۃ ابلیس، الجزء۱، الصفحۃ۳۷)

یعنی جنوں کی سرکشی اور بدکرداری دیکھ کر حق تعالیٰ نے 800 رہبر 800 سال میں بھیجے ہر سال ایک رہبر آتا رہا اور جنات اُس کو شہید کرتے رہے۔

فائدہ: عجائب القصص میں جنات کے جن انبیاء کی بعثت اور جنات کی کفر وسرکشی کا حال اس طرح لکھا ہے

چوں اولاد ابو الجان برزمین از تولد وتناسل بسیار شد ندحق تعالیٰ ایشان رابشیر یعنی تکلیف نمودہ وبطاعت وعبادت خودفرمود ایشان قبول نمودند وخوشحال درجہاں فانی زندگانی میکر دند تاآنکہ یک روزئہ ثوابت کہ نزد بعضے حکماء عبارت از سی وشش ہزار سال است انتہارسید اماچون خلقت ازناربود مظہر تجلی قہراست بعداز اتمام حجت ہمہ متکبراں ایشال رابانواع وعقاب ہلاك گرد انید ندوبعضی ایشاں برجادئہ شریعت مستقیم بودند سالم ماندند بعدازان خداتعالیٰ ہم ازاں نبی الجان شخصے رابر ایشان والی گرد ایندوشریعت جدید ایشان راعطا فرمود چون ذورہ دیگر عبارات ازاں در از فرمان است گذشت بعضے ازایشان کل شئی یرجع الی اصلہ طریق نافرمانی پیش گرفتند لاجرم حکم الٰہی بافتاواعدام ایشال صددرگشت واز نسل بیتہ آں طبقہ کہ بواسطہ استقامت برجادئہ طاعت سلامت ماندہ بودند شخصے حاکم ایشاں گشت وچوں دوئہ سوم نیز منتہیٰ شد باز آغاز فساد ازاں نہادایں طائفہ سرزد

www.Faizahmedowaisi.com

بعذاب حضرت باری تعالیٰ سبحانہٗ گرفتار شد ند واز ہمائے ایشاں نوح قلیل باز پسماندہ بودند بمر ورایام خلقے کثیر پیدا آمدنہ لیکن ازایشاں کہ ہزیور فضل ودانش آراستہ ولسلاح صلاح پراستہ بود ند والی گشتہ مدتے ام معروف ونہی منکر و بیان احکام کردواد آنکہ ازانجہان رحلت نمود بعدازں چوں بدترین ابن الجان کفران نعمت وعصیاں ورزیدند باری شانہ رسولاں فرستادوازنصائح وواعظ ایشاں اصلا آگاہ نہ شدند ودورہ چہارم نیز عام گشت باقتضائے الٰہی جماعت ملائکہ بحریہ ایں طائفہ نامزد گشت واز آسمان نزول کردہ بابنی الجان جنگ نمودند۔

یعنی جس وقت زمین پر جنات کی آبادی بڑھ گئی حق تعالیٰ نے انہیں اپنی عبادت کا حکم دیا جنات حکم الٰہی میں کمربستہ رہے جس وقت جنات کو دنیا میں آباد ہوئے 36 ہزار سال گذر گئے تو کفر اختیار کر کے موردعذابِ الٰہی بنے حق تعالیٰ نے تمام متکبروں کو ہلاک کردیا اور باقی ماندہ نیک بخت افراد میں سے ایک شخص کو حاکم بنا کرنئی شریعت عطا فرمائی۔

دوسرا دور : یعنی مزید 34 ہزار سال پورے ہونے کے بعد پھر گمراہی اور نافرمانی اختیار کی اس بار بھی عذاب الٰہی نے ان کو ٹھکانے لگا دیا جو لوگ بچ رہے تھے ان میں سے پھر حق تعالیٰ نے ایک صاحب کو حاکم بنایا تیسرا دور ختم ہوتے ہی پھر فتنہ وفساد کا دور شروع ہوگیا حق تعالیٰ کا غضب نازل ہوا نافرمان لوگ ہلاک کردیئے گئے باقی ماندہ نیک لوگوں میں سے پھر حق تعالیٰ نے ان کی اصلاح کے لئے ایک شخص کو مقرر کیا۔ جب تک یہ شخص زندہ رہا جنات کو دعوت دیتا رہا۔اس شخص کی وفات کے بعد جنات میں کوئی نیک شخص باقی نہ رہا زمین پر شریر جنات کے سوا کسی نیک جن کا وجود نہ رہا حق تعالیٰ نے فرشتوں کی فوج بھیج کر اشرار جنات کا قتل عام کردیا بے شمار ہلاک ہوئے جو بچ گئے وہ پہاڑوں وغاروں میں جا چھپے۔

دعوتِ غور وفکر: یہ ہے کہ جنات کی ایک لاکھ 44 ہزار سال کی تاریخ اوران کی شرارتوں اور سیاہ کارناموں کا ایک مختصر خاکہ جن کی اصلاح ناممکن نہیں تو مشکل ضرور تھی اسی لئے ایسے شرارتیوں اور فسادیوں کے لئے زبردست مُصلح چاہئے اور وہ اپنی اصلاحی قوت سے ان کی کایا پلٹ دے اور یقین مانئے ایسے مُصلح کارروائی اور ایسی کامیاب پالیسی سے ہم سب کا متاثر ہونا لازمی ہے کہ ایسے بدمعاشوں کو اپنی اصلاح سے نہ صرف انہیں اپنے جیسا مصلح بنادیا بلکہ ملائکہ کرام کو

بھی اس کی پالیسی نے دنگ کردیا کون تھا دل کے کان کھول کر سنئے وہ تھا ابلیس چنانچہ ملاحظہ ہو۔

پہلا امیر جماعت: 800 سال کی طویل جدوجہد کے باوجود جنات بدکاری سے باز نہ آئے تو حق تعالیٰ نے آسمانِ اول پر رہنے والے جنات کو زمین پر رہنے والے جنات کے قتل عام کے لئے بھیجا اس فوج کا سپہ سالار ابلیس تھا ابلیس نے زمین پر آتے ہی جنات کو ٹھکانے لگادیا، حضرت کعب احبار فرماتے ہیں: فلما كذبوا الرسل أوحى الله إلى أولاد الجن فى السماء أن أنزلوا إلى الأرض وقاتلوا من فيها من أولاد الجان وعليهم إبليس اللعين فقاتلهم إبليس اللعين هو ومن كان معه حتى أدخلهم إلى بقعة من الأرض فاجتمعوا فيها فأرسل الله عليهم ناراً فأحرقهم وسكن إبليس الأرض مع الجن وعبد الله حق عبادته فكانت عبادته أكثر من عباداتهم

(الانس الجليل بتاريخ القدس والخليل، الباب ذكر الجن والجان وما كان من ابتداء امرهم وعبادة ابليس، الجزء١، الصفحة٣٧)

یعنی غرض جنات نے جب رسولوں کے احکام کی خلاف ورزی کی تو اللہ تعالیٰ نے آسمان پر رہنے والے جنات کو حکم دیا کہ تم زمین پر جاکر جنات کو قتل کردو اور ابلیس کو اس لشکر کا امیر مقرر کیا ابلیس کی فوج نے زمین پر آتے ہی قتل عام شروع کردیا جنات بھاگ پڑے۔ ایک مقام پر پناہ گزیں ہوئے تو وہاں آگ آکر ان کو جلا گئی۔ زمین پر ابلیس اور اس کی فوج آباد ہوگئی۔ ابلیس نے اس مرتبہ اس قدر عبادت کی کہ باید وشاید مندرجہ بالا تقریر سے آپ کو معلوم ہوگیا ہے کہ شیطان ابلیس کا کارنامہ کتنا بلند تھا اور پھر اس کی عبادت کا کیا کہنا اندازہ لگایئے کہ شیطان ابلیس جیسا کوئی نیک نہ تھا۔ گویا نیکی یعنی نیک عملی اس پر ختم تھی لیکن اس کے باوجود وہ لعنتی ٹھہرا اور جہنمیوں کا سردار۔

ابلیس کا سنھری کارنامہ: ابلیس چونکہ عبادتِ الٰہی کا دلدادہ تھا اس کا تمام وقت عبادت میں گذرتا تھا۔ خدا تعالیٰ نے اس کو آسمان پر بُلا لیا فرشتے اس کی عبادت دیکھ کر ششدر رہ گئے۔ فرشتوں نے حق تعالیٰ سے درخواست کی کہ ایسا عبادت گذار اور فرمانبردار بندہ فرشتوں میں شامل کئے جانے کے لائق ہے۔ حق تعالیٰ نے فرشتوں کی درخواست قبول فرماکر ابلیس کو فرشتوں کی جماعت میں شامل کیا۔ ابلیس ایک ہزار سال تک پہلے آسمان پر رہا۔ عبادت کا ذوق وشوق چونکہ روز افزوں تھا۔ حق تبارک وتعالیٰ نے اس کو ترقی عطا فرماکر دوسرے آسمان پر اُٹھالیا یہاں بھی عبادت کرتا رہا پھر وہاں سے اسے تیسرے آسمان پر اُٹھالیا گیا۔ غرض اسی طرح عبادت میں ترقی حاصل کرتے کرتے

www.Faizahmedowaisi.com

ساتویں آسمان پر پہنچ گیا۔ جنت کے فرشتے رضوان علیہ السلام کی سفارش پر ابلیس کو جنت میں داخلہ کی اجازت مل گئی اور شیطان بصد اعزاز واحترام جنت میں رہنے لگا۔ ابلیس جنت میں پہنچ کر بھی عبادت کرتا رہا فرشتوں کی تعلیم و ارشادات کے فرائض انجام دیتا رہا۔ ابلیس کے درس وخطابت کی یہ شان تھی کہ عرش کے نیچے یاقوت کا منبر لگایا جاتا تھا سر پرنُور کا پھریرا فضا میں لہراتا تھا۔

رُوح البیان کا حوالہ : علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ اسے رئیس الملائکہ کا خطاب حاصل تھا اور وہ تمام ملائکہ سے اعلیٰ بلکہ معلّم الملکوت تھا اور عبادت میں تو ضرب المثل تھا اس نے آسمان وزمین کے چپے چپے پر عبادت کی اور اللہ تعالیٰ کی عبادت واطاعت میں اتنا زور لگایا کہ فرشتوں نے اسے اپنا استاد اور سردار مان لیا۔ (روح البیان)

قبل از لعنت ابلیس کی شان وشوکت: زمین پر بہت طویل عرصہ تک ٹھہرے رہے۔ تقریباً ستر ہزار سال پھر اُن میں حسد اور بغاوت پھیلی اور لڑے مرے۔ اُن کی طرف فرشتگاں کو بھیجا جن کا امیر ابلیس جس کا نام عزازیل تھا اُن سے علم میں زائد تھا۔ زمین پر اُترتے ہی جنات کو شکست دی اور انہیں زمین سے نکال کر، دریاؤں اور پہاڑوں کی غاروں میں بھگا دیا اور خود وہیں رہنے سہنے لگے۔ اب ان پر عبادت آسان ہوگئی، کیونکہ قاعدہ ہے کہ ملائکہ جو آسمانوں پر بلند ہیں خوف زدہ زیادہ ہیں اور جو ملائکہ آسمان دُنیا میں ہیں وہ بہ نسبت دوسروں کے آسانی میں ہیں۔ بہرحال ابلیس کو زمین وآسمانِ دنیا کی سلطنت دی گئی اور بہشت کا خزانہ بھی سپرد ہوا۔ اس کے دوزمرد کے پر تھے۔ بنابریں کبھی زمین پر عبادت کرتا کبھی آسمان پر اور کبھی جنت میں، اسی وجہ سے اُسے عُجب (غرور) لاحق ہوا اور اپنے دل میں لگا کہنے کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہی شاہی اس لئے دی کہ مجھ سے زیادہ مکرم ملائکہ میں کوئی ہے نہیں۔ (روح البیان)

(۱) ابلیس سوالاکھ سال کارہائے نمایاں سرانجام دیتا رہا یہاں تک کہ جملہ رہبرانِ قوم سے سبقت لے گیا۔

(۲) جہاد کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی فوج جنات کا سپہ سالار مقرر فرمایا اور سرتوڑ جدوجہد سے زمین باغیوں سے پاک و صاف ہوئی، جس کے صلہ نے دُنیوی سلطنت کا واحد بادشاہ بنادیا کہ زمین پر جملہ مکین اس کے زیرنگین تھے۔

(۳) دنیوی سلطنت اور وجاہت وسطوت اس کی نظروں میں کچھ نہ تھے وہ صرف اور صرف عبادت الٰہی کا عاشق تھا اسی لئے اسے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں پر بلالیا جس کی عبادت کو دیکھ کر فرشتے انگشتِ بدنداں اور حیران وششدر رہ گئے کروڑوں سال عبادت کرنے والے اپنی عبادات کو اس کے سامنے حقیر ولاشے خیال فرمارہے ہیں۔ یہی بات ہم آگے چل کر ثابت کرنے والے ہیں کہ ابلیس تا دیوبند جملہ ابلیسی چیلے عبادت میں ایسے بلند مرتبہ ہونگے کہ دوسرے سینکڑوں سال والے اپنی عبادت اور نماز وروزہ کو حقیر سمجھیں گے۔

www.Faizahmedowaisi.com

(۴) بارگاہِ حق میں عبادت کوایسا سجا کر پیش کیا کہ خود خالق کواس سے ایسا پیار ہوا کہ اسے نہ صرف ساتویں آسمان تک بلا لیا گیا بلکہ بہشت کے چیف افسر حضرت خازن فرشتے کواستدعا کرنی پڑی کہ ابلیس کے بغیر جنت کی زیب وزینت گویا بے زیب ہے پھرادب واحترام کے ساتھ بہشت میں پہنچایا۔

(۵) بہشت میں درس وتدریس اور خطابت کوئی معمولی عہدہ نہیں۔ بادشاہی مسجد کے خطیب کے اعزاز کودیکھ لووہ کیسی سج دھج سے زندگی بسر کرتا ہے گورنمنٹ یونیورسٹی کی اعلیٰ ڈگری والے بھی عہدے دار کا کیا مرتبہ ہوتا ہے کہ جملہ ارکانِ دولت واعیانِ سلطنت اس کے سامنے سرنگوں ہوتے ہیں اور یہاں تو احکم الحاکمین کی بہشت کی خطابت اورملکوتیوں کی تدریس کا صدارتی عُہدہ ہے کہ جس کے آگے جبرائیل ومیکائیل ودیگر مقربین ملائکہ علیہم السلام سرنگوں پھرتے ہیں اس کا جوتصور ناظرین ذہن میں جمائیں ابلیس کی شان وشوکت کے شایانِ شان پھر بھی پورے نہ اتر سکیں گے۔لیکن اس کا انجام بھی نہ بھولئے کہ جب اس نے محبوبِ خدااوراس کے پیارے پیغمبر کی نیازمندی سے منہ موڑااور گستاخی اور بے ادبی کاارتکاب کیا تو وہی تلمیذانِ ذی قدر ملکوتی تھے جولعنت لعنت کہہ رہے تھے اورنہایت ذلت وخواری سے دھکے دے کر اسے بہشت سے باہرنکال دیااورتاحال لعنت وپھٹکار کے ڈونگر برسا رہے ہیں تا قیامت اس کے ساتھ یہی سلوک ہوتا رہے گا۔

(۶) اتنے بڑے اعزاز کے باوجودخطاب کے لئے جویاقوت کا منبر بچھایا جاتا وہ عرش کے نیچے ہوتا کہ اس سے بڑھ کر آگے کوئی منبر نہ تھا سوائے عرش الٰہی کے۔

(۷) جب تک خطاب یاتعلیم وارشاد ملائکہ میں مصروف رہتا سر پرنور کا پُھریرا فضاء میں لہراتا جاتا۔ یہ وہی ابلیس ہے جس پرہم سب لعنت کرتے نہیں تھکتے یہ کوئی معمولی شخصیت نہ تھا بلکہ اس وقت وہ بزعم خویش خداتعالیٰ کے بعد شان و شوکت میں اول نمبر پر تھا لیکن مارا گیا تکبر سے نہیں حضرت آدم علیہ السلام کی بے ادبی وگستاخی سے۔

جس کا سبب اورموجب تکبر بنا نہ صرف تکبر یاسجدہ نہ کرنا جیسا کہ بعض لوگوں نے عوام میں مشہور کررکھا ہے کہ شیطان نماز کا ایک سجدہ نہ کرنے اورتکبر کی وجہ سے مارا گیا اس سے ان کی مُراد جو بھی ہو لیکن ان کی یہ بات صحیح مان لی جائے تو خوارج ومعتزلہ کے مذہب کی تائید ہوتی ہے کہ ان کے نزدیک کبائر(کبیرہ گناہ) کا مرتکب کافراوردائمی جہنمی ہوجاتا ہے اوراہلسنّت کا عقیدہ ہے کہ کبائر کا مرتکب فاسق وفاجر ہے اسے اللہ تعالیٰ چاہے تو بغیر توبہ بخش دے چاہے جرم کی سزا کے بعد بخشے لیکن نہ وہ لعنتی ہے نہ وہ کافراورنہ ہی ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔لیکن خوارج ومعتزلہ اس کے خلاف کہتے ہیں کہ کبیرہ گناہ کا مرتکب دائمی جہنمی ہے۔

نتیجہ نکالئیے: ابلیس صرف سجدے نہ کرنے اورتکبر سے مارا جاتا تو وہ بقاعدہ اہلسنّت نہ لعنتی ہوتا اورنہ دائمی جہنمی کیونکہ یہ دونوں فعل عقائد میں شامل نہیں بلکہ کبیرہ گناہ ہیں حالانکہ ہم سب جانتے ہیں کہ ابلیس نہ صرف لعنتی اورجہنمی

بلکہ وہ تمام لعنتیوں اور جہنمیوں کا سرغنہ ہے وہ کیوں؟ صرف اس لئے کہ وہ گستاخ اور بے ادب تھا۔ یہی ہم کہتے ہیں کہ جو بھی نبوت وولایت کا گستاخ اور بے ادب ہو اس کی نجات ناممکن بلکہ محال وممتنع ہے چنانچہ حضرت علامہ جامی قدس سرہ نے فرمایا: محمد بخشد گنہگار حق را ☆ ولے حق نہ بخشد خطائے محمد

اس سے ثابت ہوا کہ عقائد صحیحہ نجات بخشتے ہیں اور عقیدۂ بد تباہ وبرباد کرتا ہے اگرچہ اعمال صالحہ کی بہتات ہو۔ تفصیل کے لئے دیکھئے فقیر کی کتاب ''نجات عقیدہ میں ہے۔''

لعنت کے بعد ابلیس کا برا حال: صاحب روح البیان رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ انکار سجدۂ آدم کے بعد ابلیس کا جسم خنزیر کی شکل میں اور چہرہ بندر کی طرح ہوگیا۔ صورت ہیئت نعمت سب کچھ چھین لیا گیا اور مندرجہ ذیل سزاؤں کا مستحق ہوا۔

(۱) تمام روئے زمین اور آسمان اول کی بادشاہت کے علاوہ جنت کے افسرِ خزانہ کے عہدہ سے محروم کردیا گیا۔ بلکہ ہمیشہ ہمیشہ تک بہشت کا داخلہ بند۔ (۲) حق تعالیٰ کے قرب سے محروم ہوا۔ (۳) عزازیل نام تبدیل کرکے ابلیس نام تجویز کیا گیا (۴) بدبخت لوگوں اور کفار کا پیشوا بنادیا گیا۔ (۵) ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ملعون ومردود بنادیا گیا۔ (۶) معرفت الٰہی کی دولت سے ہمیشہ کے لیے محروم ہوگیا۔ (۷) توبہ کا دروازہ اس کے لیے بند کردیا گیا۔ (۸) نیکی سے ہمیشہ کے لیے محروم کردیا گیا۔ (۹) تمام دوزخیوں کا خطیب مقرر ہوا۔

فائدہ: اس سے ثابت ہوا کہ گستاخِ رسول علیہم السلام وصحابہ عظام اور اولیاء کرام رضی اللہ عنہم کا بے ادب اس دنیا میں حاجی ہو، مفتی، قاضی، نماری، مجاہد، زاہد، متقی پرہیزگار اور قوم کا سب سے اونچا اور عوام کا محبوب ومقتداء اور سب کچھ ہو لیکن قیامت میں جہنم کے کتوں سے ہوگا۔ جیسا کہ حضور سرورِ عالم ﷺ نے فرمایا: اَلْخَوَارِجُ کِلَابُ النَّارِ

(سنن ابن ماجه، کتاب المقدمة، الباب فی ذکر الخوارج،الجزء۱، الصفحة ۲۰٤، حدیث ۱٦۹)

(مسند احمد، کتاب مسند الکوفیین، الباب بقیة حدیث عبدالله بن ابی اوفی عن النبی صلی الله علیه وسلم، الجزء۳۹، الصفحة ۱٤۰، حدیث ۱۸۳٤۲) (مصنف ابن ابی شیبه،الجزء۸، الصفحة ۷۳۰)

یعنی بد مذاہب (خوارج) جہنم کے کتے ہیں۔

یہ کوئی مبالغہ نہیں حقیقت ہے۔ ٹھنڈے دل سے کوئی غور فرمائے تو سمجھ آجائے گا (اِنْشَاءَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ)

آدم علیہ السلام سے بغض و عداوت: سب کو معلوم ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنا خلیفہ منتخب فرما کر ان کی تعظیم وتکریم کے لیے سجدۂ تحیہ کا حکم فرمایا تو ابلیس کے سوا تمام ملکوت نے تعظیم وتکریم کی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ (پارہ۱، سورۃ البقرۃ، ایت ۳۴)

ترجمہ: تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔

روح البیان میں ہے کہ جب ملائکہ سجدہ میں گرے تو ابلیس نے آدم علیہ السلام سے منہ پھیر کر پیٹھ کر لی یہاں تک کہ وہ سجدہ سے فارغ ہوئے اور سجدہ میں ایک سو سال تک پڑے رہے۔بعض روایات میں پانچ سو سال آیا ہے۔ جب انہوں نے سر اٹھا کر دیکھا تو ابلیس کھڑا ہوا ہے بلکہ الٹا آدم علیہ السلام سے منہ پھیرے ہوئے ہے اور اس فعل سے نادم بھی نہیں ہوتا بلکہ الٹا عزم بالجزم میں ہے تو اس کے امتناع اور اپنی فرمانبرداری کی توفیق کی وجہ سے ملائکہ دوبارہ سجدہ میں گرے۔ان کے لیے دوسجدے ہوگئے۔ایک آدم علیہ السلام کے لیے،دوسرا اللہ تعالیٰ کے لیے تھا۔جب یہ سجدہ کررہے تھے ابلیس دیکھ رہا تھا۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کی صورت مسخ کردی جس کی تفصیل پہلے گذری ہے۔

صرف اور صرف گستاخی اور بے ادبی: تمام اسلامی فرقے متفق ہیں کہ ابلیس حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے سے لعین ورجیم ہوا۔لیکن مخالفین کہتے ہیں چونکہ اس نے امرالٰہی عزوجل یعنی حکم خداوندی سے منہ موڑا اسی لیے ملعون ہوا۔ہم کہتے ہیں اس طرح سے تو ہر بندے کو حکم الٰہی عزوجل سے منہ موڑنے پر ملعون ہوجانا چاہیے بلکہ حقیقت وہی ہے کہ حکم خداوندی چونکہ محبوب کی تعظیم وتکریم کے متعلق تھا اور وہ ابلیس سے نہ ہوسکا اسی لیے ملعون ومردود ہوا۔

خدا کے ماننے والا مسلماں ہو نہیں سکتا	بجز حبِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کامل ایماں ہو نہیں سکتا

اللہ کے محبوب آدم کی تعظیم وتکریم: آدم علیہ السلام کا اللہ تعالیٰ کا نائب اور خلیفہ منتخب ہونا ہمارے لئے باعثِ صدافتخار ہے ان کی تعظیم وتکریم کے لئے اللہ تعالیٰ نے تمام ملائکہ کو ابلیس سمیت سجدہ تحیہ (تعظیم) کا حکم فرمایا تو اس تعظیم وتکریم کو توحید کے منافی سمجھ کر انکار کیا تو صرف ابلیس نے۔حالانکہ جملہ ملائکہ کرام جبریل علیہ السلام سمیت توحید پرستی میں ابلیس سے کچھ کم نہ تھے۔لیکن انہوں نے یقین کرلیا تھا کہ آدم علیہ السلام کی تعظیم وتکریم عین توحید ہے اسی لیے ہم بحمدہ تعالیٰ انبیاء اولیاء علیٰ نبینا وعلیہم السلام کی تعظیم وتکریم وآداب کو عین اسلام سمجھتے ہیں اور دوسرے فرقے انہیں شرک و بدعت سے تعبیر کرتے ہیں۔دورحاضرہ میں حق و باطل کا نکھار اسی سے ہوتا ہے کہ جو محبوبان خدا کی تعظیم وتکریم بجالاتا ہے وہ مومن ہے اور جو اس دولت سے محروم ہے وہ ابلیس کا چیلہ ہے۔

عداوتِ ابلیس کا آغاز: جب ابلیس کو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ زمین پر ایک خلیفہ (نائب) بنانے والا ہے۔اسی وقت سے اس نے قسم کھائی کہ اولاد آدم کو اپنے جیسا بناؤں گا۔اللہ تعالیٰ نے قسم کو مؤکد فرما کر اعلان فرمایا کہ ایسی اولاد آدم کو ابلیس کے ساتھ جہنم میں دھکیلوں گا۔ کماقال تعالیٰ: لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَ مِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ

(پارہ۲۳،سورۃ ص،آیت ۸۵)

ترجمہ: بیشک میں ضرور جہنم بھردوں گا تجھ سے اور ان میں سے جتنے تیری پیروی کریں گے سب سے۔

اس سے واضح ہوا کہ آدم علیہ السلام کا پہلا دشمن ابلیس ہے اور وہ چاہتا ہے کہ وہ اولادِ آدم کو ہمنوا بنائے۔

ابلیس کی تا بع داری کی تشریح: ابلیس کی تابعداری دو قسم کی ہے (1) عقائد میں (2) اعمال میں۔

شیطان ان دونوں میں اولاد آدم کو اپنے دامِ تزویر میں پھنساتا ہے۔ ہمارے نزدیک دونوں خرابیوں (خرابی عقائد واعمال) کی تابعداری انسان کو تباہ و برباد کرتی ہے لیکن اہلسنّت کے اصول پر بدعملی اور غلط کرداری کی معافی کی اُمید ہوسکتی ہے لیکن بداعتقادی یعنی شیطان کے عقائد سے مطابقت ہو تو اس کی نجات صرف ناممکن نہیں بلکہ ممتنع ہے۔

نوٹ : یادر ہے کہ ابلیس کی اتباع سے بھی اعتقادی تابعداری مراد ہوسکتی ہے اس لئے کہ بداعمالی سے خلود نار کا عقیدہ خوارج کا ہے اور ظاہر ہے کہ شیطان (ابلیس) کے وجود سے بدعملی صادر نہیں ہوتی بلکہ وہ اس سے ذاتی طور نیکی صُدور ہوگئی ہے۔صرف دو شواہد ملاحظہ ہوں۔

ابلیس رشوت خور نہیں: اُسامہ ظالم حاکم مصر کے کارناموں سے خوش ہو کر ایک دن سلیمان (خلیفہ) کسی سے کہتا ہے رشوت میں ایک دینار بلکہ ایک درہم تک نہیں لیتا۔عمر بن عبدالعزیز (رضی اللّٰہ عنہ) بولے میں آپ کو ایک ایسا متنفس بتاتا ہوں جو اسامہ سے زیادہ بُرا ہے حالانکہ وہ بھی ایک درہم تک رشوت نہیں لیتا۔سلیمان نے پوچھا وہ کون ہے؟ فرمایا''اللہ کا دشمن ابلیس۔'' (النجوم الزاهره، جلد ١، صفحه ٢٣١)

ابلیس نمازی: اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت شاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ نے فرمایا کہ ایک پری مشرف با اسلام ہوئی اور اکثر خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا کرتی تھی۔ایک بار عرصہ تک حاضر نہ ہوئی۔سبب دریافت فرمایا، عرض کی ،حضور میرے ایک عزیز کا ہندوستان میں انتقال ہوگیا تھا وہاں گئی تھی ،راہ میں میں نے دیکھا کہ ایک پہاڑ پر ابلیس نماز پڑھ رہا ہے میں نے اس کی یہ نئی بات دیکھ کر کہا کہ تیرا تو کام نماز سے غافل کردینا ہے تو خود کیسے نماز پڑھتا ہے۔اس نے کہا کہ شاید اپنے فضل و کرم سے باری تعالیٰ میری نماز قبول فرمائے اور مجھے بخش دے۔ (ملفوظات جلد ا، صفحہ ۱۴ تا ۱۵)

نوٹ: اس کی ہر برائی اور اعمالِ صالحہ کے بارے میں نمونہ کے طور پر عرض کیا ہے ورنہ ان کے جملہ نیک اعمال کا یہی حال ہے اور برائیوں کا کام تو اس سے ہوتا نہیں ،ہاں دوسروں سے سب کچھ کرالیتا ہے۔

مزید براں : اس سے یہ نہ سمجھیں کہ ابلیس بُرائی نہیں کرتا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ برائی جو اس کی ذات سے متعلق ہو وہ خود نہیں کرتا مثلاً ظاہر ہے کہ شیطان زانی نہیں ، چور نہیں ، ڈاکو نہیں کہ کسی کا مال چھین لیتا ہو اور نہ ہی دوسری

عملی غلط کاریوں میں مبتلا ہے بلکہ وہ تو اعمالِ صالحہ کے لحاظ سے تا حال ویسے پابند ہے جیسے پہلے تھا اور توحید میں رئیس الموحدین ہے، یہاں تک کہ اب اس کا نام پوچھنا ممکن ہو تو عزازیل عبداللہ (یعنی اللہ کا بندہ) نام بتائے گا۔ ابلیس، شیطان ،رجیم وغیرہ نہیں بتائیگا۔

اس طرح : اللہ تعالیٰ کی جملہ صفات کو مانتا ہے اور اس کی عبادت کو حق سمجھتا ہے اسے ضد ہے یا دشمنی وعداوت اور بغض ہے تو انبیاء علیہم السلام اور اولیائے کرام سے اسی لئے ملعون ہے رجیم ہے مردود ہے وغیرہ وغیرہ۔ یہی ہمارا موضوع ہے اس عقیدہ میں جو بھی شیطان وابلیس کا ہمنوا ہے وہ بھی اسی کا دوست ہے یا سمجھو چیلہ۔ ایسے چیلے اس نے تیار کرنے ہیں جیسا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے سامنے قسم کھا کر کہا اور اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن میں بار بار بتایا۔ ابلیس کے چیلے جنوں میں بھی ہیں اور انسانوں میں بھی بلکہ قرآن مجید کا اختتام اسی مسئلہ پر ہوا کہ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ (پارہ ۳۰، سورۃ الناس آیت ۶) ﴿**ترجمہ**: جن اور آدمی۔﴾ اور فقیر عرصہ سے اس قسم کے چیلوں سے بچنے بچانے کی کوشش کر رہا ہے۔

محبوبِ خدا اور ابلیس: اس بحث میں ہم دکھانا چاہتے ہیں کہ ابلیس نے محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی اور بے ادبی اور ان کے ساتھ دشمنی اور بغض وعداوت میں کیا کیا کارنامے سرانجام دیئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ کیا کیا۔

حدیث: ایک دفعہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو حکم دیا کہ میرے محبوب حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خدمت میں حاضر ہوا اور وہ جو کچھ تجھ سے پوچھیں اس کا جواب دے۔ چنانچہ شیطان ایک بڈھے کی شکل میں حاضر ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تو کون ہے؟ کہا میں شیطان ہوں، فرمایا کیوں آیا ہے؟ کہا خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آؤں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم جو پوچھیں اس کا جواب دوں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا یہ بتا میری امت میں تیرے دشمن کتنے ہیں؟ شیطان نے جواب دیا، پندرہ، فرمایا کون کون سے؟ شیطان نے کہا، سب سے پہلے تو میرے دشمن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ دوسرا میرا دشمن انصاف کرنے والا حاکم ہے۔ تیسرا متواضع دولت مند، چوتھا سچ بولنے والا تاجر، پانچواں خدا سے ڈرنے والا عالم، چھٹا ناصح، ساتواں رحمدل مومن، آٹھواں توبہ کرنے والا، نواں حرام سے بچنے والا، دسواں ہمیشہ باوضو رہنے والا، گیارہواں صدقہ وخیرات کرنے والا، بارہواں نیک اخلاق رکھنے والا، تیرہواں لوگوں کو نفع پہنچانے والا، چودہواں قرآن پڑھنے والا، پندرہواں رات کو اُٹھ کر نماز پڑھنے والا۔ (روح البیان)

فائدہ: اس حدیث پاک سے میرا مقصد اتنا ہے کہ ابلیس کی سب سے بڑی دشمنی ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے

اس نے اپنے دشمن کی دشمنی کے لئے کیسے کیسے دُکھ برداشت کئے۔اس سے سوچئے کہ اب نبوت دشمنی کا ثبوت کون دے رہا ہے۔

عقیدہ: سب سے پہلے یہ یاد رکھ لیں کہ امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہیں اور اللہ عزوجل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کافی ہے۔اس سے کہ شیطان آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم میں اذیتوں کے انواع سے کوئی اذیت پہنچائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک میں وسوسہ رسانی کرے یعنی شیطان کو یہ مقدور نہیں ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جسمانی ایذا پہنچائے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک دل میں کوئی وسوسہ ڈالے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا شیطان مسلمان: عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''نہیں تم سے کوئی مگر مقرر کیا گیا ہے اس کے ساتھ اس کا ساتھی جنوں سے اور اس کا ساتھی فرشتوں سے'' انہوں نے عرض کیا اور آپ پر بھی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور میرے ساتھ بھی۔لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اس پر مدد دی پس وہ مسلمان ہو گیا ہے۔

مشیر خیر شیطان: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی اس معنی میں ایک حدیث روایت کی گئی ہے۔بعض راویوں نے حدیث میں یہ کلمہ زیادہ کیا ہے۔ فَلَا يَأْمُرُنِي إِلَّا بِخَيْرٍ[1] مجھے وہ صرف نیکی ہی کی بات کہتا ہے۔حدیث کا لفظ أَسْلَمَ بِالْفَتْحِ بعض دیگر روایات میں میم کے ضمّہ کے ساتھ بھی روایت کیا گیا ہے جس کے معنی ہیں کہ میں اس کے شر سے محفوظ رہتا ہوں۔بعض محدثین نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے اور اس کو ترجیح دی ہے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قریبی یعنی ساتھی کفر سے نکل کر اسلام کی طرف آ گیا ہے۔یعنی وہ فرشتہ کی طرح ہو گیا ہے وہ نہیں حکم دیتا مگر نیکی کا۔یہ ظاہر حدیث ہے اور بعض محدثین نے حدیث میں فَاسْتَسْلَمَ (اسے روایت کیا ہے) قاضی ابوالفضل رحمۃ اللہ علیہ نے شفاشریف میں۔

[1] (صحيح المسلم،كتاب صفة القيامة و الجنة و النار،باب تحريش الشيطان وبعثه سراياه لفتنة الناس وأن مع كل إنسان قريناً،الجزء ١٣،الصفحة ٤٢٨،الحديث ٥٠٣٤)

فائدہ: جب کہ یہ حکم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شیطان اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرین کا ہے جو بنی آدم پر مسلط ہے۔پس کیا حال ہوگا ان لوگوں کا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوئے اور جن کو آپ کی صحبت وقربت نصیب نہیں ہوئی۔

واقعات دشمنی ابلیس: شیاطین بہت جگہوں پر آپ کے درپے آزار ہوئے ہیں اس بات میں رغبت کرتے ہوئے کہ آپ ان کی دام تزویر میں آئیں لیکن پاکیزہ نفس کو مردود کب ورغلا سکتا تھا مگر اس کے باوجود کوشش کی کہ

آپ کو اپنی طرف مشغول کردیں۔مگر ناکام ہوکر پلٹ گئے ۔ جیسا کہ ایک بار ایک شیطان نے نماز کی حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعرض کیا تو آپ نے اس کو پکڑ کر قید کردیا۔

شیطان بلّی کی شکل میں: صحاح میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان میرے سامنے آیا (عبدالرزاق نے کہا کہ بلی کی صورت میں آیا) اس نے میری نماز کو قطع کرنے کے لئے مجھ پر حملہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اس پر قدرت دی۔ میں نے اسے دھکا دینے کا ارادہ کیا کہ اس کو ستون سے باندھ دوں تاکہ صبح کو تم بھی اس کو دیکھ لو پھر میں نے اپنے بھائی سلیمان (علیہ السلام) کا قول یاد کیا: قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (پارہ ۲۳، سورۃ ص، آیت ۳۵)

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) عرض کی اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا کر کہ میرے بعد کسی کو لائق نہ ہو بیشک تو ہی ہے بڑی دین والا۔

اس لئے میں نے اس کو چھوڑ دیا۔

آگ لے کر آیا: حدیث ابودرداء میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کا دشمن میرے پاس آگ کا انگارہ لے کر آیا اس کو میرے منہ پر مارے (اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ میں نماز پڑھ رہے تھے)۔آپ نے اس سے اللہ کی پناہ مانگی اور اس پر لعنت کی۔ میں نے ارادہ کیا کہ اس سے پہلی بات ذکر کروں اس کے آگے وہی ذکر کیا جو پہلے ذکر ہوا اور آپ نے فرمایا کہ اگر میں اس کو پکڑ کر باندھتا تو صبح کو مدینہ کے بچے اس سے کھیلتے۔ ایسے ہی اسراء حدیث میں آیا ہے کہ ایک عفریت نے آگ کے شعلہ کے ساتھ آپ کا تعاقب کیا تو جبرئیل نے آپ کو وہ کلمات سکھائے جن سے آپ اس کے شر سے اللہ کی ذات کے ساتھ پناہ مانگیں جو ذکر ہوئے۔

شیطان نجدی: جب شیطان براہ راست شر پہنچانے سے عاجز آ گیا تو پھر اس نے آپ کو شر پہنچانے کے لئے آپ کے دشمنوں کو اس کا واسطہ بنایا۔جیسا کہ جب قریش حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے لئے ایک محفوظ مقام پر باہمی مشورہ کے لئے بیٹھے تو شیطان ایک نجدی شیخ کی صورت میں ان کے پاس آیا۔

شیطان غزوۂ بدر میں: بدر میں سراقہ ابن مالک کی صورت میں ان کے پاس آیا اس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس طرح بیان فرمایا: وَ اِذْ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ (پارہ ۱۰، سورۃ الانفال، آیت ۴۸)

ترجمہ: اور جبکہ شیطان نے ان کی نگاہ میں ان کے کام بھلے کر دکھائے۔

ایسے ہی ایک بیعت عقبہ کے وقت میں وہ لوگوں کو آپ ﷺ کے حال کے ساتھ ڈرا رہا تھا۔ ان تمام مواقع میں شیطان نے رسول خدا ﷺ کی عداوت و دشمنی میں کسر نہ چھوڑی لیکن اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ کی خود حفاظت فرماتا ہے۔

ہر نبی (علیہ السلام) اور ولی: شیطان کا حملہ ہر ایک پر ہوتا ہے انبیاء علیہم السلام ہوں یا اولیاء کرام یا عوام صرف فرق یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام معصوم ہیں اور اولیائے کرام محفوظ۔ ہاں عوام پر داؤ چلا لیتا ہے اگر جس خوش قسمت کو کسی ولی کامل کا دامن نصیب ہوتا ہے تو وہ بھی اس کی شرارت سے بچ جاتا ہے یا اللہ تعالیٰ ہی اپنے فضل و کرم سے کسی کو بچالے ورنہ عموماً عوام کا اس کی شرارت سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

اولیاء سے شیطان کی پناہ: شیطان ابلیس سے پوچھا گیا کہ تم ابومدین (ولی اللہ کامل) کو گمراہ کرنے میں کس قدر کامیابی کی امید رکھتے ہو اس نے جواب دیا ہمارا انہیں گمراہ کرنا ایسے ہے جیسے بحر محیط میں پیشاب کیا جائے یعنی ہم اپنی عادت پر مجبور ہو کر اگر انہیں کچھ کہتے بھی ہیں تو انہیں کسی قسم کا نقصان نہیں، جیسے بہت بڑے دریا میں پیشاب کر دیا جائے تو دریا کا کیا بگڑتا ہے یا جیسے سورج کے انوار کو پھونکوں سے بجھایا جائے یعنی جیسے انوار شمسی کو پھونکوں سے بجھانے والا ایک احمق اور پاگل سمجھا جاتا ہے ایسے ہی حضرت ابومدین رضی اللہ عنہ کو گمراہ کرنے والے کو ہم اپنی برادری (شیطان) میں پاگل اور مجنون سمجھتے ہیں۔ (روح البیان از مسئلہ الحکم)

نبی علیہ السلام کے بچپن کا دشمن: ابلیس رسول اللہ ﷺ کا بچپن سے دشمن تھا۔ بچپن سے ہی اللہ تعالیٰ اپنی عزت و عظمت کو گاہے گاہے ظاہر فرما دیتا تھا جسے آپ ﷺ کے بڑے سے بڑے دشمن بھی اقرار کئے بغیر نہ رہ سکے لیکن ابلیس بدبخت ایسا ضدی دشمن ہے کہ یہ رفعت شان جاننے کے باوجود اپنی ضد کا پکا ہے پھر باوجود یہ کہ سمجھتا ہے کہ اس کی شرارت سے عزت و عظمت میں کمی نہیں آئے گی لیکن عزت گھٹانے کے لئے اپنے طور زور لگا تار ہتا ہے چنانچہ تعمیر کعبہ کے بعد حجر اسود کی تنصیب کے وقت اس نے جو گل کھلائے وہ اس کی نبوت دشمنی کی واضح دلیل ہے۔

جب قریش تعمیر کرتے ہوئے اس مقام پر پہنچے جہاں حجرِ اسود نصب کرنا تھا تو ہر قبیلہ نے اپنا پتھر رکھنے کا اشتیاق ظاہر کیا اور ہر ایک نے یہی چاہا کہ حجر اسود کے نصب کی سعادت سوائے اس کے کسی اور کو حاصل نہ ہو۔ اس سے سخت اختلاف اور جھگڑا پیدا ہو گیا یہاں تک کہ سب جنگ کے لئے تیار ہو گئے اور بعض قبائل نے دستورِ عرب کے مطابق خون کا پیالہ بھرا اور اس میں انگلیاں ڈبو کر عہد کیا کہ ہم مرتے دم تک لڑیں گے۔

چار روز تک یہ کشمکش برابر جاری رہی پانچویں روز مسجد حرام میں اس خیال سے سب جمع ہوئے کہ شاید صلح کی کوئی صورت پیدا ہو جائے ابو امیہ بن مغیرہ جو سب سے زیادہ عمر کا تھا اس نے رائے دی کہ کل صبح جو شخص سب سے پہلے باب بنی شیبہ سے مسجد میں داخل ہو وہی حکم قرار دے دیا جائے اور اس کا فیصلہ تسلیم کر لیا جائے۔ سب نے اس رائے کو منظور کر لیا اور دوسرے روز ہر قبیلہ کے معزز آدمی موقع پر پہنچ کر دیکھنے لگے۔

خدا کی قدرت کہ سب سے پہلے مسجد میں داخل ہونے والے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی تھے۔ جب ان کی نظریں آپ کے چہرۂ انور پر پڑیں تو سب کے سب پکار اُٹھے: هَذَا مُحَمَّدٌ الْأَمِينُ قَدْ رَضِينَا بِهِ [1] ﴿یعنی یہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یہ تو امین ہیں (ان کے فیصلے پر) ہم سب راضی ہیں۔﴾ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالات کا جائزہ لے کر ایسی بہترین تدبیر فرمائی کہ سب کے سب خوش بھی ہو گئے اور ایک بہت بڑے جھگڑے کا خاتمہ بھی ہو گیا۔ چنانچہ آپ نے فرمایا کہ تمام قبائل اپنا اپنا ایک سردار منتخب کر لیں۔ جب انہوں نے انتخاب کر لیا تو آپ نے ایک چادر بچھا کر حجرِ اسود کو اٹھا کر اس میں رکھ دیا اور ان منتخب سرداروں سے فرمایا کہ چاروں طرف سے چادر کے کونے اور کنارے تھام کر اُوپر اٹھائیں جب چادر مقامِ نصب کے برابر آ گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھوں سے حجرِ اسود کو اُٹھا کر نصب فرما دیا اور پھر تعمیر ہونے لگی۔

[1] (الشفا بتعريف حقوق المصطفى،الجزء١،الفصل العشرون :عدله ، وأمانته -صلى الله عليه وسلم،الصفحة١٩٤،دارالفكر)

علامہ سُہیلی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب تمام لوگوں نے آپ پر اظہارِ رضامندی کیا تو شیطان جو کہ شیخ نجدی کی صورت میں ان کے ساتھ تھا چلّایا اور بولا۔ اے قریشیو! تم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر راضی ہو گئے جو ایک غلام اور یتیم ہے کہ وہ اس پتھر کو رکھے حالانکہ تمہارے بڑے بڑے لوگ اس کام کے مستحق موجود ہیں قریب تھا کہ اس کی شرارت سے شور و غل ہو جاتا مگر وہ خاموش رہے۔(زرقانی شرح مواهب،جلد١،صفحه ٢٠٥)(طبقات إبنِ سعد، جلد١، صفحه ١٤٦)

اسباق عبرت: (۱) ابلیس نے ایک تو اس وقت شیخ نجدی کی صورت اختیار کی، کیا اس سے ثابت نہیں ہوتا کہ نبوت دشمنی نجدیت کو سجتی ہے (۲) دشمنانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجدی صورت کو دیکھ کر اجنبیت محسوس نہ کی بلکہ اس کی شمولیت کو راحت محسوس کیا تبھی تو ہم کہتے ہیں ؎ کند هم جنس باهم جنس پرواز

مشرکینِ مکہ دُشمنی مصطفےٰ میں شیخ نجدی کی رفاقت کو بہترین معاونت سمجھتے تھے تبھی تو اس کی شرارت کو اہمیت دے کر بعض نے معاملہ کو گڑبڑ کرنا چاہا لیکن چونکہ قدرتِ ایزدی کو منظور نہ تھا اسی لئے معاملہ ختم ہو گیا (۳) اس وقت مکہ مکرمہ میں

دشمنانِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بے خبری میں مصطفےٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بہت بڑا اعزاز پیش کررہے تھے لیکن ابلیس کو معلوم تھا کہ وہی محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن کو قدرتِ قادر نے کئی خوبیوں سے نوازا ہے اسی لئے اسے یہ اعزاز نہ بھایا، یک لخت چونکا اگر چہ جانتا تھا کہ میری دال نہیں گلے گی لیکن آواز تو اٹھائی۔ ایسے ہی دشمنانِ مصطفےٰ کی ہر دور میں عادت رہی اور رہے گی مثلاً ہمارے دور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے میلادِ پاک اور 12 ربیع الاول شریف کو جلوس نکالنے میں عوام سے حکومت تک اس سعادت سے سرشار ہے اور مخالفین کو یقین ہے کہ ہماری کوئی نہیں سنے گا لیکن پھر بھی بے تکے بیانات اخبارات میں پھر بصورتِ اشتہارات ورسائل شائع کرتے ہیں لیکن اس طرح منہ کی کھانی پڑتی ہے جیسے ابلیس کو تصنیبِ حجرِ اسود کے وقت

(۴) بات تو بظاہر صحیح اور ٹھیک کہی کہ واقعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بچے اور دریتیم تھے اور واقعی قریش میں اس وقت ان کی نظروں میں بڑی قدآور شخصیات موجود تھیں لیکن بظاہر کچھ کہہ دیا لیکن اندرونِ خانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعزاز واکرام کو ٹھیس پہنچانا تھا جیسے مخالفینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت رہی اور ہے کہ دل میں کچھ لیکن زبان سے کچھ۔

تفصیل آتی ہے (اِنْشَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ)

(۵) اس کا ہر دشمنی کے موقعہ پر نجدی کی شکل بن کر آنے میں کوئی راز تو ہے ورنہ اسے تو سوائے انبیاء علیہم السلام اور کاملین اولیاء کے ہر شخص کی صورت میں آنے کا اختیار حاصل ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نجدی کے دل میں ہے کوئی کالا کالا۔

اعجوبہ: تفسیر ثعلبی میں تو لکھا کہ جب "اِھْبِطُوا" اتر جاؤ کا حکم ہوا آدم علیہ السلام سراندیپ (ہند) میں اور حواء رضی اللہ عنہا جدہ میں اور ابلیس ریلہ میں اور سانپ ایلہ میں، لیکن تاریخ جعفر طبری میں ابلیس کا ہبوط سندھ بالخصوص ملتان میں لکھا اوّلاً یہ قول غیر معتبر ہے اس لئے کہ کہاں ثعلبی کہاں طبری کیونکہ ثعلبی اعاظم مفسرین وا کا بر مؤرخین سے ہیں اور انہوں نے کیونکہ اپنی تفسیر میں بے اصل اقوال لانے سے احتراز کا التزام فرمایا ہے اسی لئے اکثر اہل تفاسیر نے ثعلبی کا اتباع کیا ہے بالفرض جعفر طبری کا قول مان لیا جائے تو اس کا مطلب بھی ظاہر ہے کہ اس سے کب لازم آتا ہے کہ تمام اہل سندھ اور اہل ملتان اشرار ہیں جیسے سراندیپ میں سیدنا آدم علیہ السلام کے ہبوط سے تمام سراندیپی ابرار وصالحین ہیں۔

تبصرہ اویسی غفرلہٗ: بقول طبری سندھ بالخصوص ملتان کا قول مان لیا جائے تو بھی ہم حق بجانب ہیں کہ اہلِ ملتان کو اور اس کے وابستگان کو اللہ تعالیٰ نے اولیائے کرام بھی بہ نسبت دوسرے خطوں کے بکثرت عطا فرمائے کہ صرف شہر ملتان میں سوا لاکھ سے زائد اولیائے کاملین مدفون ہیں پھر اوچ شریف میں اولیاء کرام کی مرکزیت مسلّم ہے۔ اس کے ساتھ ریاست بہاول پور کے مشائخ واولیائے کرام کی اولیاء آبادی کسی کو معلوم نہیں۔ سندھ میں ٹھٹھ سے لے کر

سکھر تک نگاہ ڈالئے کہاں سے کہاں تک اولیائے کرام کی کثرت محسوس ہوتی ہے۔اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ شیطان کی شرارتوں سے بچنے کا واحد حل اولیائے کرام سے وابستگی ہے ورنہ شیطان اسی ریوڑ کو گمراہی کی طرف کھینچ کرلے جاتا ہے جو اولیاء کرام کے دامن سے وابستہ نہیں ہوتا۔

شیطان کی رسول دشمنی کی جدوجھد: جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انصار سے مدینہ طیبہ کی ہجرت کا معاہدہ مِنیٰ میں فرمارہے تھے تو ایک شیطان پہاڑ کی چوٹی سے یہ نظارہ دیکھ کر چیخا اور اہلِ مکہ کو پکار کر کہا کہ لوگو! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اس کے فرقہ کے لوگ تم سے لڑائی کے مشورے کررہے ہیں۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی پرواہ نہ کرو۔

(رحمة للعلمین، صفحه ۹۰)

شیطان کی شرارت: حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن ہم رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ میں تھے کہ پہاڑوں سے آواز آئی لوگو! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر چڑھائی کردو۔حضور سرورکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شیطان کے لشکر کا ایک شیطان ہے اور جو شیطان کسی نبی پر چڑھائی کرنے کا اعلان کرتا ہے وہ ضرور مارا جاتا ہے۔تھوڑی دیر کے بعد آپ نے فرمایا کہ میرے ایک غلام جن نے جس کا نام سمجج تھا اور میں نے اس کا نام عبداللہ رکھا ہے، نے شیطان کو مار ڈالا ہے چنانچہ پھر ہمیں پہاڑ سے آواز آئی "نَحْنُ قَتَلْنَا مِسْعَرًا" (حجة اللّٰه علی العالمین ،صفحه ۱۹۱)

یعنی ہم نے مسعر کو قتل کرڈالا۔

فائدہ: شیطان نبوت دشمنی میں اپنا بہت بڑا لشکر رکھتا ہے تو بفضلہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عُشاق اور خدام بھی ان کی سرکوبی کے لئے موجود ہوتے ہیں چنانچہ اس قاعدہ کو ہر دور پر منطبق کرینگے تو سو فیصد صحیح پائیں گے۔آج بھی اس کی آزمائش کرسکتے ہیں کہ جہاں بھی نبوت کی گستاخی اور بے ادبی کی معمولی بدبو اُٹھتی ہے تو غلامانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کٹ مرنے کو تیار ہوجاتے ہیں۔

ابلیس کی نبوت دشمنی: قرآن نے ثابت کردکھلایا کہ ابلیس آدم اور آدم زاد کا تاقیامت ان کی شان گھٹانے کے درپے رہے گا۔ہم چند نمونے عرض کرتے ہیں۔لیکن یاد رہے کہ شیطان اپنی عادت پر انبیائے عظام والیائے کرام پر حملہ کرنے سے باز نہیں آتا لیکن انبیائے عظام معصوم اور اولیاء کرام محفوظ ہیں۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ (پارہ۱۴،سورۃ الحجر،اٰیت۴۲)

ترجمہ: بیشک میرے بندوں پر تیرا کچھ قابو نہیں۔

بلکہ شیطان نے خود اعتراف کیا، جیسا کہ اس اٰیت میں ہے: قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿ (پارہ۲۳،سورۃ ص،اٰیت۸۲،۸۳)

ترجمہ: بولا تیری عزّت کی قسم ضرور میں ان سب کو گمراہ کردوں گا۔مگر جو ان میں تیرے چُنے ہوئے بندے ہیں۔

اور روح البیان،جلد ۱، صفحہ ٤ میں ہے کہ حضرت ابوسعید خراز رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ شیطان کو دیکھ کر ڈنڈا لے کر مارنے کے لئے دوڑے۔ شیطان نے عرض کی اے ابوسعید! میں ڈنڈوں سے نہیں ڈرتا ہاں اگر ڈرتا ہوں تو عارفین باللہ کے دل کے عرفان کی شعاع سے ڈرتا ہوں جو ایک سورج کی مانند ہے۔

فائدہ: گویا انبیاء واولیاء پر حملہ کرنے سے اپنی ہار مان گیا لیکن اس بد بخت برادری کو کہا جائے کہ ان کا اوڑھنا بچھونا ہی انبیاء واولیاء کی توہین اور گستاخی اور بے ادبی ہے تو کیا اس سے ثابت نہیں ہوتا کہ یہ لوگ ابلیس لعین سے بھی دو قدم آگے بڑھ گئے۔آئندہ اوراق میں چند نمونے ابلیس کی انبیاء واولیاء دشمنی کے پیش کر کے اس کے عقائد اور کارنامے عرض کروں گا۔

ابلیس کی نبوت دشمنی کے نمونے: اللہ تعالیٰ نے جب فرشتوں کو آدم علیہ السلام کی فضیلت فَلَمَّآ اَنۡۢبَاَهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ ﴿**ترجمہ:** جب آدم نے انہیں سب کے نام بتادیئے فرمایا۔﴾ (پارہ ۱،سورۃ البقرۃ،ایت ۳۳) ثابت فرمائی تو آخر میں فرمایا: وَاَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا كُنۡتُمۡ تَكۡتُمُوۡنَ

ترجمہ: اور میں جانتا ہوں جو کچھ تم ظاہر کرتے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔(پارہ ۱،سورۃ البقرۃ،ایت ۳۳)

تفسیرِ کبیر میں ہے کہ فرشتوں کا ظاہری بات کہنا تو وہی جو پہلی میں مذکور ہوا یعنی قَالُوۡۤا اَتَجۡعَلُ فِيۡهَا مَنۡ يُّفۡسِدُ فِيۡهَا وَيَسۡفِكُ الدِّمَآءَ (پارہ ۱،سورۃ البقرۃ،ایت ۳۰) ﴿**ترجمہ:** بولے کیا ایسے کو نائب کرے گا جو اس میں فساد پھیلائے اور خونریزیاں کرے۔﴾ اور چھپی ہوئی بات سے ابلیس کا دلی ارادہ مراد ہے وہ یہی تھا جو مواھب الرحمن مع ابنِ کثیر،جلد ۱، صفحہ ۱۱۵ (مخالفین کی تفسیر معتبر ومستند) میں ہے کہ بس اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے قالب کو پاکیزہ طین (مٹی) سے بنایا اور اپنے یدِ قدرت سے پیدا کیا اور یہ قالبِ خاکی چالیس دن تک پڑا رہا اور اس درمیان میں ابلیس اس قالبِ خاکی کے پاس آکر اپنے پاؤں سے ٹھوکر مارتا تو اس میں سے کھنکھناہٹ ہوتی، پھر ابلیس اس قالب کے منہ سے گھستا اور اسفل سے نکلتا اور اسفل کی جانب سے گھستا اور منہ کی جانب سے نکلتا تھا اور کہتا کہ تو کچھ چیز نہیں اور ناکارہ پیدا ہوا اور اگر میں تجھ پر مسلط ہوا تو میں تجھ کو تباہ کردوں گا اور اگر تو مجھ پر سردار بنایا گیا تو میں ہرگز تیرا کہنا نہیں مانوں گا الخ۔

فائدہ: گویا ابلیس نے ابتداً ہی ٹھان لیا تھا کہ خدا تعالیٰ کے محبوب اور خلیفہ سے دشمنی کرے گا۔یہی طریقہ اور وطیرہ آج ہمارے حریفوں کا ہے جیسے تمام اہل اسلام نے اخبارات میں پڑھا اور ان کی تقریریں سنیں، تحریریں وتصانیف

پڑھیں، عرب شریف میں جا کر دیکھیں ان کا عزم ہے کہ اگر حکومت مل جائے تو سب سے پہلے اولیائے کرام کے مزارات کومسمار کریں گے۔

اس سے ناظرین سوچیں کہ ابلیس کے کارناموں سے انہیں دلچسپی کیوں، ورنہ وہ ان عزائم کے بجائے یہ ظاہر کرتے کہ اگر ہم برسرِ اقتدار آگئے تو دنیا سے تمام برائیوں کا قلع قمع کر دیں گے۔

گستاخ ابلیس: خدا نے جب حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا مبارک تیار فرمایا تو فرشتے حضرت آدم علیہ السلام کے اس پتلے مبارک کی زیارت کرتے تھے مگر شیطان لعین حسد کی آگ میں جل بھن گیا اور ایک مرتبہ اس مردود نے بغض اور کینے میں آ کر حضرت آدم علیہ السلام کے پتلے مبارک پر تھوک دیا یہ تھوک حضرت آدم علیہ السلام کی ناف مبارک کے مقام پر پڑی۔

نبوت کا گستاخ ابلیس: ''فَسَجَدُوا'' کی تفسیر میں مفسرین نے لکھا کہ فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا جس کا ابلیس نے انکار کیا جب ملائکہ سجدہ میں گرے تو ابلیس نے آدم علیہ السلام سے منہ پھیر کر پیٹھ کر لی۔ یہاں تک کہ وہ سجدہ سے فارغ ہوئے اور سجدہ میں ایک سَو سال تک پڑے رہے۔ بعض وایات میں پانچ سو (500) سال آیا ہے۔ جب انہوں نے سر اُٹھا کر دیکھا تو ابلیس کھڑا ہے۔ بلکہ آدم علیہ السلام کو پیٹھ کر کے کھڑا فرشتوں کو دیکھ رہا ہے اسی لئے فرشتے دوبارہ سجدہ میں گرے۔ اُن کے لئے دو سجدے ہو گئے۔ ایک آدم علیہ السلام کے لئے، دوسرا اللہ تعالیٰ کے لئے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اُس کی صِفت، حالت، صورت، ہیئت، نعمت سب کچھ چھین لیا۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ اس کا جسم خنزیر کی شکل میں چہرہ بندر کی طرح کر دیا۔ حالانکہ اس سے پہلے حسین وجمیل تھا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بعد میں شیطان کو حکم ہوا کہ آدم علیہ السلام کی قبر کو سجدہ کرے۔ میں تیری توبہ قبول کر کے تیرے گناہ معاف کر دونگا۔ شیطان نے عرض کی جب میں اس کے جسم کو ساجد نہ ہوا تو پھر اس کی قبر اور میت کو کس طرح سجدہ کروں۔

حدیث شریف: حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ شیطان کو قیامت میں ہزاروں سال کے بعد دوزخ سے باہر نکال کر آدم علیہ السلام کے سامنے کھڑا کر کے سجدہ کا حکم فرمائے گا ابلیس سجدہ سے انکار کرے گا، پھر اُسے دوزخ میں ہمیشہ کے لئے رہنے کا حکم کیا جائیگا۔ چنانچہ ایسے ہوا کہ اس نے انکار کر دیا تو وہ دائماً دوزخ میں رہے گا۔ (روح البیان)

ابلیس کی یوسف علیہ السلام کے ساتھ دشمنی: تیسیر میں ہے کہ جب بھائیوں نے یوسف علیہ السلام کے متعلق مشورہ کیا تو شیطان بوڑھا پریشان حال بن کر اخوۃ یوسف کے ہاں حاضر ہوا اور کہا کہ

میں نے سنا ہے کہ یوسف علیہ السلام کا خیال ہے اب وہ بڑا ہوگا تو وہ تمہیں اپنا غلام بنائے گا۔ بھائیوں نے کہا تو فرمائیے بابا اس کے متعلق کیا کیا جائے۔ شیطان نے کہا: ''اقْتُلُوْا یُوْسُفَ'' ﴿ترجمہ: یوسف علیہ السلام کو قتل کردو﴾ ''اَوِاطْرَحُوْهُ اَرْضًا'' یا اسے ڈال دو ایسی اندھیری اور غیر معروف میں جو آبادیوں سے دور ہو تا کہ اس میں ہلاک ہو یا ایسی جگہ چھوڑ آؤ جہاں درندے کھا جائیں۔ (قرآن مع روح البیان، پارہ ۱۲، سورۃ یوسف، ایت ۹)

فائدہ: شیطان کو معلوم تھا کہ یوسف (علیہ السلام) کا اس کاروائی سے کچھ نہ بگڑے گا لیکن عادت سے مجبور تھا ان کی شہادت یا ہلاکت کا مشورہ دے ہی دیا۔ اس طرح ہم اپنے زمانہ کے بعض لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ شانِ نبوت وولایت کے معمولات نہ بند ہونے کے ہیں نہ بند ہو سکتے ہیں لیکن عادت کی مجبوری پر اپنی دل کی بھڑاس نکال ہی دیں گے مثلاً چند سالوں کی بات ہے کہ نجدیوں کے ایک گروہ نے گنبدِ خضراء کو گرانے کا مشورہ دیا جس پر عالم اسلام کے احتجاج پر نجدی حکومت کو معذرت کرنی پڑی اور عید میلاد النبی ﷺ کے سالانہ جلوس کے متعلق حکام سے لے کر عوام تک کی وابستگی سے متاثر ہوکر وہابی، دیوبندی، مودودی وغیرہم فرقے کیسی فریادیں کرتے ہیں۔ یہ اسی ابلیسی خباثت کا کرشمہ ہے۔

ابلیس غالی توحیدی: ابلیس تا حال اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا قائل ہے اور توحید پر اتنا ثابت قدم ہے کہ وہ قیامت میں بھی دوزخ میں رہنا قبول کرلے گا لیکن غیر اللہ کی تعظیم یعنی آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنا گوارہ نہیں اس سے بڑھ کر توحید کے عقیدہ پر تصلّب ومضبوطی اور کیا ہوسکتی ہے۔

فائدہ: یاد رکھئے کہ شیطان (ابلیس) کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا وہ جو تیری تابعداری کرے گا اسے اور تجھے جہنم میں داخل کرونگا۔ یہ فرما کر واضح کردیا کہ شیطان کی برادری جہنم میں ضرور جائیگی اور اس سے اس کی ذاتی غلطیاں یعنی عقائد مراد ہیں اور اس کے ساتھ شریک لوگوں کو بھی جہنم نصیب ہوگی تو ان کے بدعقیدوں سے ورنہ ظاہر ہے کہ شیطان زانی نہیں، چور نہیں، ڈاکو نہیں، اور نہ ہی دوسری عملی غلط کاریوں میں مبتلا ہے بلکہ وہ تو اعمال صالحہ کے لحاظ سے تا حال ویسے پابند ہے جیسے پہلے تھا اور توحید میں رئیس الموحدین ہے یہاں تک کہ اب اس کا نام پوچھنا ممکن ہو تو عزازیل (بمعنی عبداللہ یعنی اللہ کا بندہ) نام بتائیگا۔ ابلیس، شیطان، رجیم وغیرہ نہیں بتائے گا کیونکہ جتنا اسے صرف توحید میں انہاک ہے کوئی اور اس کا ہم پلّہ نہیں ہوسکتا اسے ہم توحیدِ ابلیسی سے تعبیر کرتے ہیں۔

شیطان شیخ نجدی کی شکل میں: تمام کتبِ حدیث وسیرۃ وتاریخ باب ہجرۃ النبی ﷺ میں لکھتے چلے آئے اور ہم سب پڑھتے آئے اور پڑھتے رہیں گے کہ شیطان کو نجدیوں سے کتنا پیار ہے کہ وہ جب بھی انسانوں کے

www.Faizahmedowaisi.com

بھیس میں آیا تو نجدی شیخ بن کر آیا۔ہم اصل عربی لکھتے ہیں تا کہ ناظرین کو یقین ہو کہ ابلیس کی برادری دنیا میں کہاں ہے

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ :لَمَّا اجْتَمَعُوا لِذَلِكَ ، وَاتَّعَدُوا أَنْ يَدْخُلُوا فِي دَارِ النَّدْوَةِ لِيَتَشَاوَرُوا فِيهَا فِي أَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، غَدَوْا فِي الْيَوْمِ الَّذِي اتَّعَدُوا (ص 439 :) لَهُ ، وَكَانَ ذَلِكَ الْيَوْمُ يُسَمَّى يَوْمَ الزَّحْمَةِ ، فَاعْتَرَضَهُمْ إبْلِيسُ ، لَعَنَهُ اللَّهُ ، فِي هَيْئَةِ شَيْخٍ جَلِيلٍ عَلَيْهِ بَتٌّ لَهُ ، فَوَقَفَ عَلَى بَابِ الدَّارِ ، فَلَمَّا رَأَوْهُ وَاقِفًا عَلَى بَابِهَا ، قَالُوا :مَنِ الشَّيْخُ ؟ قَالَ :شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ سَمِعَ بِالَّذِي اتَّعَدْتُمْ لَهُ ، فَحَضَرَ مَعَكُمْ لِيَسْمَعَ مَا تَقُولُونَ ، وَعَسَى أَنْ لَا يُعْدِمَكُمْ مِنْهُ رَأْيًا وَنُصْحًا . قَالُوا :أَجَلْ فَادْخُلْ .فَدَخَلَ مَعَهُمْ۔

(البدایه و النهایه،الجزء۳، الصفحة ۲۱۵)(سیرة ابنِ هشام، جلد۲، صفحه۹۳)

(تاریخ طبر ی ،جلد۲، صفحه۹۸)

یعنی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب کفار مکّہ نے اجتماع کیا اور دارالندوہ میں داخل ہونے کے لئے تیار ہوئے تا کہ دارالندوہ میں رسول اللہ ﷺ کے متعلق مشورہ کریں صبح صبح ہی تیاری کر کے آئے اور اس دن کا یوم زحمۃ نام رکھا گیا تو ابلیس لعنت اللہ علیہ ایک بھاری چادر اوڑھ کر شیخ نجدی کی شکل میں آ کر دروازے پر کھڑا ہو گیا، دیکھا تو پوچھا آپ کون ہیں، کہا میں شیخ نجدی ہوں اس لئے آیا ہوں کہ تم رسول اللہ (ﷺ) کے لئے مشورہ کر رہے ہو میں بھی اس میں شامل ہونا چاہتا ہوں تا کہ کوئی مفید مشورہ دے سکوں، ممکن ہے تم اس میں کوئی غلطی نہ کھا جاؤ۔سب نے کہا خوب، آیئے تشریف لایئے، اس پروہ لعنتی ان کے ساتھ بیٹھ گیا۔

درسِ عبرت: کہاں مکہ معظّمہ کہاں نجد، لیکن جب آپس میں عشق ومحبت ہو تو دوریاں ہٹ جاتی ہیں۔اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ کفارِ مکہ نبوت دشمنی میں شیطان نجدی کے بہت گہرے دوست تھے جبھی تو نام سن کر فوراً اھلاً وسہلاً خوش آمدید کہا۔

ابو جهل کوابلیس کی شاباش: جب دارالندوہ (مکہ شریف) میں حضور اکرم ﷺ کی دشمنی میں کفارِ مکّہ نے مجلسِ شوریٰ میں مختلف آراء قائم کیں تو فَقَالَ أَبُو جَهْلِ بْنُ هِشَامٍ :وَاَللَّهِ إنَّ لِي فِيهِ لَرَأْيًا مَا أَرَاكُمْ وَقَعْتُمْ عَلَيْهِ بَعْدُ ، قَالُوا :وَمَا هُوَ يَا أَبَا الْحَكَمِ ؟ قَالَ :أَرَى أَنْ نَأْخُذَ مِنْ كُلِّ قَبِيلَةٍ فَتًى شَابًّا جَلِيدًا نَسِيبًا وَسِيطًا فِينَا ، ثُمَّ نُعْطِي كُلَّ فَتًى مِنْهُمْ سَيْفًا صَارِمًا ، ثُمَّ يَعْمِدُوا إلَيْهِ ، فَيَضْرِبُوهُ بِهَا ضَرْبَةَ رَجُلٍ وَاحِدٍ ، فَيَقْتُلُوهُ ،

فَنَسْتَرِيحَ مِنْهُ .فَإِنَّهُمْ إِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ تَفَرَّقَ دَمُهُ فِي الْقَبَائِلِ جَمِيعًا ، فَلَمْ يَقْدِرْ بَنُو عَبْدِ مَنَافٍ عَلَى حَرْبِ قَوْمِهِمْ جَمِيعًا ، فَرَضُوا مِنَّا بِالْعَقْلِ ، فَعَقَلْنَاهُ لَهُمْ .قَالَ :فَقَالَ الشَّيْخُ النَّجْدِيُّ :الْقَوْلُ مَا قَالَ الرَّجُلُ ، هَذَا الرَّأْيُ الَّذِي لَا رَأْيَ غَيْرُهُ ، فَتَفَرَّقَ الْقَوْمُ عَلَى ذَلِكَ وَهُمْ مُجْمِعُونَ لَهُ

(سیرۃ ابنِ ھشام، جلد۲،صفحہ۹۶) (تاریخ طبری، جلد۲، صفحہ۹۹)

یعنی ابوجہل نے کہا کہ خدا کی قسم محمد (ﷺ) کے متعلق میری ایک رائے ہے جہاں تک تم ابھی نہیں پہنچے، سب نے کہا ارشاد فرمایئے وہ کیا رائے ہے؟ اس نے کہا میری رائے ہے کہ ہر قبیلے سے ایک ایک جوان ''زبردست'' خاندانی اور ہم سے بہترین نکلے اور ہر جوان کے ہاتھ میں تیز دھار تلوار ہم دے دیں پھر وہ محمد (ﷺ) پر ایک ہی بار میں جھپٹ پڑیں اور محمد (ﷺ) کو قتل کردیں تو اس سے بے غم ہوجاؤ گے اور تمام قبائل میں اُس کا خون پھیلایا جائے بنوعبد مناف کو تمام قوم سے جنگ کرنے کی طاقت نہیں صرف قید کو ہی پسند کریں گے ہم تسلیم کرلیں گے۔

نبوت دشمنی کا مرکز: شیطان ابلیس جب سے پیدا ہوا تو اس نے نہ کہیں کوٹھی بنوائی نہ بنگلہ اور نہ ہی کسی خاص جگہ کو مرکز بنایا لیکن ہمارے رسول کریم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں اس نے اپنا خصوصی مرکز نجد کو منتخب کیا جس کی نشاندہی رسولِ خدا ﷺ نے خود فرمائی مشکوٰۃ ،جلددوم، باب ذکر الیمن و الشام اور بخاری شریف ،صفحہ ۲۲۷ میں ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن دریائے رحمتِ مصطفےٰ ﷺ جوش میں ہے، بارگاہِ الٰہی میں ہاتھ اُٹھا کر دعا فرمائی جارہی ہے: اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَأْمِنَا اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَفِي نَجْدِنَا قَالَ اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَأْمِنَا اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي يَمَنِنَا قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَفِي نَجْدِنَا فَأَظُنُّهُ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ هُنَاكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَبِهَا يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

(صحیح البخاری، کتاب الفتن، الباب قول النبی صلی اللہ علیه وسلم الفتنة من قبل المشرق،الجزء۲۱، الصفحة۴۹۱، الحدیث۶۵۶۵)

(سنن الترمذی، کتاب المناقب عن رسول اللہ، الباب فی فضل الشام و الیمن،الجزء۱۲، الصفحة۴۶۸، الحدیث۳۸۸۸)

(مسند احمد، کتاب مسند المکثرین من الصحابة، الباب مسند عبداللہ بن عمربن الخطاب رضی اللہ تعالی عنهما، الجزء۱۲، الصفحة۲۵۲، الحدیث۵۷۱۵) (کنزالعمال،الجزء۱۲، الصفحة۳۰)

یعنی اے اللہ ہمارے لئے سارے شام میں برکت دے۔ اے اللہ ہم کو ہمارے یمن میں برکت دے۔ حاضرین میں

سے بعض نے عرض کی دعا فرمائیں کہ ہمارے نجد میں برکت دے۔ پھر حضور ﷺ نے وہی دعا فرمائی۔ شام اور یمن کا ذکر فرمایا۔ مگر نجد کا نام نہ فرمایا۔ انہوں نے پھر توجہ دلائی کہ حضور یہ بھی دعا فرمائیں کہ نجد میں برکت ہو۔ غرض تین بار یمن اور شام کے لئے دعائیں فرمائیں۔ بار بار توجہ دلانے پر نجد کو دعا نہ فرمائی بلکہ آخر میں فرمایا میں اس ازلی محروم خِطّہ کو دعا کس طرح فرماؤں وہاں تو زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہاں شیطانی گروہ پیدا ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور سید عالم ﷺ کی نگاہِ پاک میں دجّال کے فتنہ کے بعد نجد کا فتنہ تھا جس کی آپ نے اس طرح خبر دے دی۔

فائدہ : اس حدیثِ پاک سے ثابت ہوا کہ نجد خیر و برکت کی جگہ نہیں بلکہ فتنہ وشر کی جگہ ہے کیونکہ امام الانبیاء والمرسلین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اس خطہ کو اپنی دعائے خیر سے محروم فرما دیا اور ہمیشہ کے لئے اس خطہ کی محرومی پر مہر ثبت ہوگئی۔

نجدی کس کا لقب؟ اسی لئے شیطان نے ہر اہم شرارت اور نبوت دشمنی میں شیخ نجدی کا رُوپ دھارا اسی وجہ سے اس کا لقب شیخ نجدی پڑ گیا ہے، چنانچہ غیاث اللغات، صفحہ ۳۹۳ میں ہے کہ "نجدی لقب شیطان است" شیخ نجدی شیطان کا لقب ہے۔

لطیفہ : یہ لقب محمد بن عبدالوہاب اور اس کی آل اور اس کے مرکزی پیروکاروں کے لئے آج بھی جزو لاینفک ہے مثلاً شیخ عبدالعزیز بن باز، شیخ ابن السبیل، شیخ فلاں بن فلاں وغیرہ۔ یہ لقب نجدیوں کے لئے ہے غیروں کے لئے نہیں ہے۔

نوٹ : اس نبوی دعا سے محرومی اور غیبی خبر (وہاں زلزلے اور فتنے اُٹھیں گے اور شیطان کا سینگ ابھرے گا) کی تفصیل فقیر کی کتاب "وہابی دیوبندی کی نشانی" میں ملاحظہ ہو۔

قرآنی فیصلہ : ○ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ اِنَّ الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا

(پارہ ۱۵، سورۃ بنی اسرائیل، ایت ۵۳)

ترجمہ : بیشک شیطان ان کے آپس میں فساد ڈال دیتا ہے بیشک شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے۔

○ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَیْكُمْ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّیْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ (پارہ ۲۳، سورۃ یٰس، ایت ۶۰)

ترجمہ : اے اولادِ آدم کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا، بیشک وہ تمہارا کُھلا دشمن ہے۔

○ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ (پارہ ۱۲، سورۃ یوسف، ایت ۵)

ترجمہ : بیشک شیطان آدمی کا کُھلا دشمن ہے۔

بزمِ فیضانِ اویسیہ
www.Faizahmedowaisi.com

○ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌo وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌo وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ o (پارہ۲۳،سورۂ یٰسٓ،آیت ۶۰۔۶۲)

ترجمہ : بیشک وہ تمہارا کُھلا دشمن ہے۔اور میری بندگی کرنا یہ سیدھی راہ ہے۔اور بیشک اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا تو کیا تمہیں عقل نہ تھی۔

ان آیات کے علاوہ دیگر آیاتِ قرآنی کی تصریح بتاتی ہے کہ شیطان انسان کا سب سے بڑا دشمن ہے اور وہ چاہتا ہے کہ انسان اس کے ساتھ جہنم میں جائے اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہے اور ظاہر ہے کہ دائماً جہنم میں گنہگار کو نہیں رہنا۔کافر اور بے ایمان کو رہنا ہے کیونکہ گنہگار کے لئے شفاعتِ انبیاء واولیاء ہوگی۔یہی وجہ ہے کہ مخالفین نے سرے سے شفاعت کا انکار کر دیا تا کہ ابلیس کی حمایت ہو اسی لئے اس کے چیلے اعمال صالحہ کے لئے خوب سر دھڑ کی بازی لگا دیتے ہیں لیکن عقائدِ صحیحہ سے عوام کو ناواقف رکھتے ہیں بالخصوص انبیاء واولیاء کی عزت واحترام دل سے نکالنے کے لئے شب وروز منہمک ہیں اسی کو جہادِ اکبر سمجھتے ہیں چونکہ ابلیس کا اصلی مشن ہی انبیاء واولیاء سے دشمنی ہے اسی لئے اس کے چیلے تا قیامت اس کے اس مشن کو زندہ رکھنے میں ایڑی چوٹی کا زور لگاتے رہیں گے۔

کمالاتِ رسول ﷺ سے عناد وبغض: روح البیان، پارہ ۱۵، آیت اسراء میں ہے کہ شب معراج کے سفر سے حضور نبی کریم ﷺ جوں ہی واپس تشریف لائے تو آسمان دنیا سے نیچے دیکھا تو شور وغل دھواں اور سخت آوازیں سنائی دیتی ہیں۔آپ نے جبریل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ انھوں نے عرض کی کہ یہ شیاطین کی شرارت ہے،صرف اس غرض پر کہ انسان (آپ ﷺ) مُلْكُ السَّمٰوٰتِ کو نہ دیکھ سکیں۔اگر ان کی مذکورہ شرارت نہ ہوتی تو تمام انسان آسمانوں کے عجائبات کو دیکھ لیتے۔

چیلے : ابلیس وشیاطین رسول اکرم ﷺ کے کمالات سے کتنا ناراض ہے اور انہیں چُھپانے کے لئے کتنا جتن کرتے ہیں یہاں تک کہ لعنتی بننا منظور اور دوزخ میں ہمیشہ رہنا گوارہ کر لیا لیکن ایک نبی (آدم علیہ السلام) کی تعظیم وتکریم کا اعتراف نہ کیا یہی کیفیت ہمارے دور کے بعض لوگوں کی ہے کہ ان کے پڑوس میں لاکھوں برائیاں ہوتی رہیں گی کبھی ٹس سے مس نہ ہوں گے لیکن کسی غریب سے نعت خوانی یا" اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ ." کی آواز سن لیں تو پھر اس کی خیر نہیں۔ایسا طوفان بپا کریں گے کہ گویا بہت بڑے جہاد میں اترے ہیں یہاں تک کہ جیل میں جانا منظور کر لیں گے لیکن مجلس نعت خوانی اور محفلِ میلاد قائم نہیں ہونے دیں گے اور نہ ہی درود مذکور سننا گوارہ ہے اگر چہ ہزاروں اذیتیں

www.Faizahmedowaisi.com

برداشت کرنی پڑیں۔

وسیلہ کاانکار: آدم علیہ السلام کو ابلیس کے سجدہ نہ کرنے کی علت نبی علیہ السلام کو وسیلہ نہ ماننے پر مبنی تھا چنانچہ بیضاوی شریف ،پارہ اوّل میں: باستقباحه أمر اللّٰہ تعالی إیاہ بالسجود لآدم اعتقاداً بأنه أفضل منه ، والأفضل لا یحسن أن یؤمر بالتخضع للمفضول والتوسل به کما أشعر به قوله :(أَنَاْ خَيْرٌ مِّنْهُ)

(تفسیر بیضاوی،سورہ البقرہ،آیت ۳٤، الجزء ۱، الصفحة ۶۹)

یعنی ابلیس کا انکار از سجدہ کا سبب اللہ تعالیٰ کو قبیح سمجھنے کی وجہ سے تھا۔ کیونکہ ابلیس کا عقیدہ تھا کہ وہ افضل ہے اور افضل نہ تو مفضول کے سامنے عجز و نیاز کا اظہار کرے اور نہ ہی اسے وسیلہ بنائے۔

ازالۂ وھم : ابلیس کے لعنتی ہونے کا سبب ترک واجب یعنی سجدہ نہ کرنا بتانا خوارج کا عقیدہ ہے چنانچہ علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، حاشیہ بیضاوی ،صفحہ ۳۰۵ میں لکھتے ہیں (قوله لابهترك الواجب) کما زعم الخوارج متمسکین بهذہ الآیة۔ ابلیس کا ترکِ واجب لعنتی ہونا اس کا استدلال آیت ھذا سے خوارج نے کیا یعنی خوارج کا عقیدہ ہے کہ ابلیس کا لعنتی ہونا آدم علیہ السلام کی ترکِ تعظیم سے نہیں بلکہ ترکِ واجب سے ہے ہم کہتے ہیں ترکِ واجب کا اصلی موجب کیا تھا وہی آدم علیہ السلام کی تعظیم وتکریم کے سجدہ سے انکار۔

سب سے پہلا وسیلہ کا منکر کون ؟ یقین فرمائیں کہ سب سے پہلا منکر از وسیلہ (انبیاء واولیاء) ابلیس ہے جیسا کہ قاضی بیضاوی کی تصریح سے ثابت ہوا کہ سب سے پہلے آدم علیہ السلام کو وسیلہ بنانے کا انکار ابلیس نے کیا تو آج جو لوگ وسیلۂ انبیاء واولیاء کو شرک اور حرام کہتے ہیں وہ کس کھاتے میں جائیں گے خود سوچئے ،مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ نے خوارج کے مذہب کی نشاندہی کی ہے تو آج ہمارے دور کے فرقوں میں یہی انکار دیکھ کر کیوں نہ کہیں کہ یہی لوگ خوارج کا بقایا ہیں ۔ بفضلہٖ تعالیٰ ہم اہلسنّت والجماعت انبیاء واولیاء کا وسیلہ مان کر ابلیس کی تلبیس سے اور خوارج کی شرارت سے محفوظ ہیں۔

انبیاء واولیاء کے وسیلہ کا منکر ابلیس : جب حضرت سلیمان علیہ السلام کو سریر (تخت) سلطنت ملا اور انس وطیور ان کے تابع کئے گئے تو حضرتِ عزت عزوجل میں عرض کی کہ شیطان کو بھی میرا مطیع کر دیجئے ،حکم ہوا کہ فتنۂ عالم ہے اس کو اپنے پاس مت بلا یئے ورنہ تمہارے ملک داری میں خلل واقع ہوگا۔لیکن حضرت نے باصرار یہی التجا کی تو شیطان کو حکم ہوا کہ جا کر سلیمان علیہ السلام کی فرمانبرداری کر۔ ناچار حاضر ہوا اور پایۂ تخت کے قریب بیٹھ

www.Faizahmedowaisi.com

کر رونے لگا۔حضرت نے پوچھا روتا کیوں ہے؟ بولا کہ بھلا تھا یا برا ملعون تھا یا مرحوم مقہور تھا یا مردود۔ جیسا تھا اسی در کا بندہ تھا مگر اب فی الحقیقۃ میرے گلے میں طوقِ لعنت پڑ گیا اور سچ مُچ کا مردود ہوگیا کیونکہ غیر کا تابع کیا گیا۔

حضرت نے تسلّی دی کہ میرا تو یہ ارادہ تھا کہ قیامت کے دن تمہیں بہشت میں ہمراہ لے چلوں گا۔ بھلا شیطان اس لالچ میں کب آتا تھا کہا واہ حضرت! ایسی بہشت کہ غیر کے توسل سے ملے ہزار دوزخ سے بڑھ کر عذابِ الٰہی اور جس دوزخ کے لئے خاص سرکاری (اللہ تعالیٰ) کا حکم ہوا اس پر ہزار بہشت قربان ہیں۔ (تذکرہ غوثیہ، صفحہ ۲۳۹)

فوائد : (۱) انبیاء علیہم السلام کی دعا رد نہیں ہوتی۔ (۲) شیطان توحید کے معاملہ میں اپنی نظیر آپ ہے کہ الٹا نبی علیہ السلام کی غلامی کو طوقِ لعنت سمجھتا ہے۔ (۳) انبیاء علیہم السلام کو غیر غیر کی رٹ لگانا شیطان کا طریقہ ہے۔ (۴) وسیلۂ انبیاء کا پہلا منکر شیطان ابلیس ہے۔

بقایا حکایت مذکورہ: تین دن تک شیطان روتا رہا آخر اس کی گریہ وزاری اور آہ و بیقراری نے اثر دکھایا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو حکم تھا کہ اپنے لئے قوتِ لا یموت حاصل کریں چنانچہ زنبیل بافی کیا کرتے تھے۔ اب اس عرصے میں کوئی زنبیل نہ بکی اور حضرت کو روٹی کے لئے کچھ نصیب نہ ہوا تشویش ہوئی کہ اب کیونکر بسر کروں خزانہ سے کھانے کا حکم نہیں اور زنبیل سے دام نہیں اٹھتے۔ حکم ہوا کہ زنبیل کیسے بکے کیونکہ دلال تو تمہارے پاس مقید ہے، عرض کی الٰہی تو اس کو اپنے ہی پاس رکھ میں اس کی اطاعت سے باز آیا۔ غرض چوتھے دن اس دلاور پہلوان نے قید سے رہائی پائی اور اطرافِ جہاں میں پھر وہی دھوم مچائی۔ (تذکرہ غوثیہ، صفحہ ۲۳۹)

مزارات کی حاضری کا انکار: ایک دن موسیٰ علیہ السلام سے ابلیس (شیطان) ملا اور عرض کی اے موسیٰ (علیہ السلام) اللہ تعالیٰ نے آپ کو رسول اور کلیم کے لقب سے نوازا میں بھی اس کی مخلوق میں شامل ہوں۔ مجھ سے ایک گناہ سرزد ہوگیا ہے اس کی توبہ کرنا چاہتا ہوں آپ بارگاہِ الٰہی میں میری سفارش فرمائیے تاکہ میری توبہ قبول ہو جائے اور مجھے معافی نصیب ہو۔ موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کی کہ اب ابلیس (شیطان) معافی چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا موسیٰ (علیہ السلام) میری ناراضگی آدم (علیہ السلام) کی وجہ سے ہے اس نے اسے سجدہ نہ کیا تو میں ناراض ہوگیا اب اگر وہ معافی چاہتا ہے تو آدم (علیہ السلام) کی قبر پر جائے اور اس کی قبر کو سجدہ کرے میں راضی ہو جاؤں گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے شیطان کو اللہ تعالیٰ کا پیام سنایا شیطان نے کہا اے موسیٰ (علیہ السلام) رہنے دیجئے! میں نے جب آدم (علیہ السلام) کو زندگی میں سجدہ نہیں کیا تو اب ان کے مرنے کے بعد ان کی قبر پر جا کر سجدہ کروں یہ کبھی نہ ہوگا فلہٰذا مجھے ایسی معافی کی ضرورت نہیں۔ (روح البیان، جلد ۱، صفحہ ۷۲)

حیاتِ انبیاء کاابلیس کو انکار: حضرت ابوالعالیہ سے مروی ہے کہ جب حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی نے قرار پکڑا تو دیکھا کہ ابلیس کشتی کے پچھلے حصے پر ہے۔حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا اے بد بخت! تیری وجہ سے تو ساری قوم تباہ وبرباد ہوئی تو خود زندہ بچ گیا۔ابلیس نے پوچھا میرے لئے کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا کہ بارگاہِ ربّ العزت میں سچّے دل سے تائب ہوجا۔عرض کی مجھے کون سا انکار ہے۔اللہ سے اجازت لیجئے میں حاضر ہوں۔نوح علیہ السلام نے بارگاہِ حق میں التجا کی۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا اسے کہیے کہ وہ آدم (علیہ السلام) کوسجدہ کرلے میں اسے معاف کردوں گا۔نوح علیہ السلام نے شیطان سے کہا تجھے مبارک ہو میں تیرے لئے معافی کا پیغام لایا ہوں۔شرط یہ ہے کہ تم مزارِآدم (علیہ السلام) کوسجدہ کرو۔ابلیس لعین نے کہا جب وہ زندہ تھے میں نے انہیں سجدہ نہ کیا اب مردہ کوکیسے سجدہ کروں۔

آدم علیہ السلام جیسے عالمِ دنیا میں زندہ تھے اوران کوسجدہ روارکھا گیاان کے وصال کے بعدبھی ان کے سجدے کا حکم ہوا۔اس سے ثابت ہوا کہ انبیاءعلیہم السلام اپنے مزارات میں زندہ ہیں۔اسی طرح اولیاء کاملین بھی اپنے مزارات میں زندہ ہیں۔حضرت صائب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

مشو بمرگ زامداد اھل دل نومید	کہ خواب مردم آگاہ عین بیدار یست

یعنی اہلِ دل اولیاء وانبیاء کی موت سے ناامید نہ ہوکیونکہ ان کی موت ظاہری ان کی عین حیات ہے۔

لیکن شیطان ملعون اس نکتہ سے بے خبر رہا کہ اس لئے حق کے قبول کرنے سے انکار کردیا۔

صاحبِ رُوح البیان، صفحہ نمبر۱۳۷،جلد٤ پر شیطان کے لئے اُوپر کا قول نقل کرکے لکھتے ہیں

و مثله من ينكر الأولياء او زيارة قبورهم و الاستمداد منهم

www.Faizahmedowaisi.com

(روح البيان،سوره هود،آيت٤٣، الجزء٤، الصفحة١٣٧)

یعنی وہ لوگ جواولیاء کے کمالات اوران کے مزارات کی زیارت اوران سے مدد مانگنے کے منکر ہیں شیطان کے چیلے ہیں۔

فوائد : (۱) وہابی اوربعض دیو بندی یعنی غلام خانی اسی جسمانی زندگی (انبیاء واولیاء) کے منکر ہیں۔معلوم ہوا کہ وہ ابلیس ملعون کی پیروی کا ثبوت دے رہے ہیں۔(۲) محبوبانِ خدا کے مزارات کی حاضری عین مراد ایزدی ہے لیکن شیطان اس کا منکر ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے چیلے آج بھی مزارات کی حاضری سے محروم ہیں بلکہ حاضری دینے والوں کومُشرک کہتے ہیں۔آزما کردیکھئے کہ سینکڑوں میل اپنے سرپر بستر اٹھا کرپہنچیں گے لیکن دوقدم قریب کے مزار پر جانے سے کترائیں گے بلکہ "لاتشدوا الرجال" (الحدیث) کی رٹ لگائیں گے اوریادرکھنا چاہئے کہ انکا مزارات پرنہ جانا انکا

مذہبی جذبہ ہے بلکہ یوں سمجھو کہ اللہ تعالیٰ ان کو ایسے مقدس مقامات پر آنے نہیں دیتا۔ ورنہ وہ حدیث شریف ''الا فزوروھا'' خبردار قبروں کی زیارت کروتو کبھی کبھار مزارات پر چلے جائیں تاکہ حدیث شریف پر عمل ہو۔ دراصل بات یہ ہے کہ مزاراتِ اولیاء بہشت کی کیاریاں ہیں۔

إِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

(سنن الترمذی، کتاب صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب منه، الجزء ٨، الصفحة ٥٠٠، الحديث ٢٣٨٤)

یعنی ''مؤمن کی قبر جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔''

تو جنت میں وہی داخل ہوسکتا ہے جو جنتی ہے جو اس کا اہل نہیں اسے اس کی خوشبو سونگھنا بھی نصیب نہ ہوگا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اولیاء اللہ کی شان بیان کرتے وقت لفظ ''الا'' (خبردار) فرمایا تاکہ یقین ہو کہ یہ مقدس گروہ ہے اس کے پاس پلید و خبیث کو خود اللہ تعالیٰ نہیں آنے دیتا۔ دیکھئے ہم مسجد جیسی مقدس جگہ پر کُتّے کو نہیں آنے دیتے۔ اس لئے کہ وہ پلید ہے اسی سے سمجھ لیں کہ جس گروہ کو مزاراتِ اولیاء سے محرومی ہے وہ ازلی بدقسمت ہیں اور ابلیس کے پیروکار۔

ازالۂ وھم : اوقاف کی طرف سے مُراعات کا سب کو معلوم ہے کہ مزارات پر ایسے محسوس ہوگا کہ یہ سات پشتوں سے مزارات کے مجاور ہیں لیکن ان کو منجانب اللہ سزا ہے کیونکہ ان کا فتویٰ ہے کہ مزارات کی آمدنی حرام اور ان پر جانا حرام۔ لیکن اب حال یہ ہے کہ ان کی زندگی کا اوڑھنا بچھونا مزارات ہیں ان کی اولاد اسی خوراک سے پیدا ہوگی تو بقول ان کے غذا حرام تو اولاد کا کیا حکم ہے۔

حدیث قدسی میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''جو میرے کسی ولی کا دشمن ہے میرا اس کے ساتھ اعلانِ جنگ ہے'' اس معنی پر یہ ان کے لئے عذابِ الٰہی ہوا کہ حرام کا فتویٰ دے کر نہ صرف خود بلکہ تمام کنبہ مزارات کی آمدنی سے پال رہے ہیں بلکہ مزارات کی غذا سے رہتی دنیا تک ان کی نسل میں مزارات کی آمدنی کے اثرات پائے جائینگے۔

نیز دارومدار نیت پر ہے ان کا مزارات پر مجاور رہنا اور ان کی آمدنی ہڑپ کرنا تبرک اور نیک ارادہ کے طور نہیں بلکہ ''رام رام جپنا پرایا مال اپنا'' کے طور ہے۔

خلاصہ یہ کہ محبوبانِ خدا کے وسیلہ کو شرک اور حرام کہنا اسی ابلیس کی کارستانی ہے اور اس نے طوق لعنت پہنتے وقت بڑی جرأت کرکے اللہ تعالیٰ کو کہہ دیا تھا کہ مجھے تیری ذات کی قسم ان آدم زادوں کو میں اپنا ہمنوا بنا کر چھوڑوں گا۔

بزم فیضانِ اویسیہ www.Faizahmedowaisi.com

حضرت مولانا محمد انوار اللہ اتالیق نواب دکن اور خلیفہ اعظم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمہما اللہ نے فرمایا کہ

:''دین میں ادب کی نہایت ضرورت ہے اور جس کسی کی طبیعت میں گستاخی اور بے ادبی ہو ضرور ہے کہ اس کے دین میں کچھ نہ کچھ علت ہوگی۔ اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب شیطان نے آدم علیہ السلام کے مقابلہ میں گستاخانہ

اَنَا خَیْرٌ مِّنْہُ (پارہ۸،سورۃالاعراف،ایت۱۲) ﴿ترجمہ : میں اس سے بہتر ہوں۔﴾ کہا اور ابدالآباد کے لئے مردودِ بارگاہِ کبریائی ٹھہرا اسی وقت سے آدمیوں کی عداوت اس کے دل میں جمی اور اُن کی خرابی کے درپے ہوا۔ کماقال:

لَاُغْوِیَنَّھُمْ اَجْمَعِیْنَ (پارہ۲۳،سورۃص،ایت۸۲)

ترجمہ: ضرور میں ان سب کو گمراہ کردوں گا

کئی اقسام کی تدابیر سوچیں مگر اس غرض کو پوری کرنے میں اس سے بہتر کون سی تدبیر ہوسکتی ہے جس کا تجربہ خود اُسی کی خواہش پر ہوچکا ہے یعنی دعویٰ انانیت اور ہمسری بزرگانِ دین۔ جب دیکھا کہ گستاخی اور بے ادبی کو مردود بنانے میں نہایت درجہ کا اثر اور کمال ہے اس لئے اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ﴿ترجمہ: تم تو ہمیں جیسے آدمی ہو۔﴾ کی عام تعلیم شروع کردی۔ چنانچہ ہر زمانے کے کفّار نے انبیاء علیہم السلام کے مقابلہ میں یہی کہا اب اس کلام کو دیکھئے تو اس میں بھی وہی بات ہے جو اَنَا خَیْرٌ مِّنْہُ (یعنی میں اس سے بہتر ہوں۔) میں تھی اور اگر کسی قدر فرق ہے تو وہ بھی بے موقع نہیں کیونکہ تابع ومتبوع کی ہمتوں میں اتنا فرق ضرور ہے جس پر تفاوت درجات ودرکات مرتب ہو۔ غرض کہ انبیاء علیہم السلام ہزارہا معجزے دکھائیں مگر کفار کے دلوں میں اُن کی عظمت اُس نے جمنے نہ دی۔ پھر جن لوگوں نے ان کی عظمت کو مان لیا اور مسلمان ہوئے اُن سے کس قدر اس کو مایوسی ہوئی۔ کیونکہ اُن سے تو وہ بیبا کی نہیں ہوسکتی تھی جو کفار سے ظہور میں آئی یہاں اس فکر کی ضرورت ہوئی کہ وہ چیز دکھائی جائے جو دین میں بھی محمود ہو آخر یہ سوچا کہ راست گوئی کے پردہ میں یہ مطلب حاصل ہوسکتا ہے۔ بس یہاں سے دروازہ بے ادبی کا کھول دیا اب کیسی ہی ناشائستہ بات کیوں نہ ہو اس لباس میں آراستہ کرکے احمقوں کے فہم میں ڈال دیتا ہے اور کچھ ایسا بیوقوف بنادیتا ہے کہ راست گوئی کی دُھن میں نہ ان کو کسی بزرگ کی حُرمت وتوقیر کا خیال رہتا ہے نہ اپنے انجام کا اندیشہ۔ چنانچہ کسی بیوقوف نے خود آنحضرت ﷺ سے کہا کہ آپ جو یہ مال بانٹتے ہیں اس میں عدل وانصاف نہیں کررہے تفصیل باب المنافقین میں ہے۔

نبی بشر ہے ابلیس نے کہا: سب سے پہلے نبی علیہ السلام کو بشر بشر کی رٹ شیطان (ابلیس) نے لگائی چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے اس سے سوال کیا: قَالَ یٰۤاِبْلِیْسُ مَا لَکَ اَلَّا تَکُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ (پارہ۱۴،سورۃالحجر،ایت۳۲)

www.Faizahmedowaisi.com

ترجمہ : فرمایا اے ابلیس تجھے کیا ہوا کہ سجدہ کرنے والوں سے الگ رہا۔

جواب میں ابلیس نے کہا: لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ (پارہ۱۴،سورۃ الحجر،آیت۳۳)

ترجمہ : مجھے زیبا نہیں کہ بشر کو سجدہ کروں۔

یعنی اس جملہ سے ابلیس کا ارادہ حضرت آدم علیہ السلام کی حقارت کا اظہار تھا اور انہیں بجائے خلیفۃ اللہ الاعظم اور مسجود الملائکہ نبی اللہ، رسول اللہ کہنے کے وہ صفت بتائی جو ان کی کمی شان پر دلالت کرتی ہے۔ یہی ہم کہتے ہیں کہ اگرچہ انبیاء علیہم السلام بشر ہیں لیکن وہ محبوب اور رسول اور نبی وغیرہ بھی تو ہیں۔ ان کو اس صفت سے بار بار ذکر کرنا جو عامی صفت ہے یہ عقیدہ ابلیسی ہے اس کی مزید تفصیل آئیگی۔ (انشاء اللّٰہ)

ملائکہ نے دیکھا: آدم علیہ السلام کو بشر اور مٹی کا پتلا کہنے کا حق تھا کیونکہ انہوں نے اپنے ہاتھوں آدم علیہ السلام کا مجسمّہ تیار کیا اور ان کے سامنے ہی آپ مٹی سے تیار ہوئے لیکن اس کے باوجود بلا چوں و چرا سجدہ میں گر گئے اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کی صرف آدم علیہ السلام کی بشریت پر نظر نہ تھی بلکہ ایک دوسری حقیقت کو دیکھا۔ امام فخر الدین رازی قدس سرہٗ نے لکھا کہ والرابع :أن الملائکة أمروا بالسجود لآدم لأجل أن نور محمد علیه السلام فی جبهة آدم (تفسیرِ کبیر المعروف تفسیر الرازی،سورۃالبقرۃ،آیت۲۵۳، الجزء۱، الصفحة۴۳۲)

یعنی فرشتوں کو آدم کے سجدہ کا اس لئے حکم دیا گیا تھا کہ نورِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم آدم کی پیشانی میں تھا۔

فائدہ: یہی وجہ ہے کہ ملائکہ کرام کی نظر نبی کے نور پر تھی۔ وہ سجدہ میں گر گئے اور قربِ خداوندی حاصل کر لیا اور جس کی نظر نبی کی بشریت پر تھی۔ وہ تکبّر کر کے ابلیس لعین ہوا اور ابدی لعنت کا طوق پہن لیا۔ حالانکہ نبی علیہ السلام کی بشریت کوئی مختلف فیہ مسئلہ نہیں ہے بلکہ اختلاف اس امر میں ہے کہ کیا نبی علیہ السلام کی بشریت کو اپنی بشریت پر قیاس کر کے یوں کہا جا سکتا ہے کہ آپ ہم جیسے بشر تھے۔ پس علماءِ اہلِ سنّت کا مسلک یہ ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشریت کو عام انسانوں کی بشریت پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

شیطان کو نور نظر نہ آیا: ”لَوْ أَبْصَرَ الشَّيْطَانُ طَلْعَةَ نُورِهِ فِي وَجْهِ آدَمَ كَانَ أَوَّلَ مَنْ سَجَدَ“ (المواهب اللدنیه)

یعنی اگر شیطان چشم بصیرت سے نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتا تو سب سے پہلے سجدہ کرتا۔

انبیاء کو بشر کہنا ابلیس اور کافروں کا شیوہ ہے: ○ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ (پارہ۱۴،سورۃ الحجر،آیت۳۳)

ترجمہ: (ابلیس) بولا مجھے زیبا نہیں کہ بشر کو سجدہ کروں۔

○ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (پارہ ۱۸، سورۃ المؤمنون، آیت ۲۴)

ترجمہ: (کافروں نے کہا) یہ (نبی) تو نہیں مگر تم جیسا آدمی۔

○ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ (پارہ ۱۸، سورۃ المؤمنون، آیت ۳۴)

ترجمہ: (کافروں نے کہا) اور اگر تم کسی اپنے جیسے آدمی (نبی) کی اطاعت کرو جب تو تم ضرور گھاٹے میں ہو۔

○ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (پارہ ۲۲، سورۃ یٰس، آیت ۱۵)

ترجمہ: (کافر) بولے تم تو نہیں مگر ہم جیسے آدمی۔

○ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ یَّهْدُوْنَنَا فَكَفَرُوْا وَ تَوَلَّوْا (پارہ ۲۸، سورۃ التغابن، آیت ۶)

ترجمہ: تو (کافر) بولے کیا آدمی ہمیں راہ بتائیں گے؟ تو اس قول سے کافر ہوئے اور پھر گئے۔

○ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَیْنِ مِثْلِنَا (پارہ ۱۸، سورۃ المؤمنون، آیت ۴۷)

ترجمہ: تو (فرعون اور اسکے درباری) بولے کیا ہم ایمان لے آئیں اپنے جیسے دو آدمیوں پر۔

یہ نمونہ کی آیات ابلیس سے لے کر حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمزمان مشرکوں کی ہیں۔ اور ہمارے دَور کے فرقوں سے پوچھئے تو وہ کیا کہتے ہیں۔ مولوی اسماعیل دہلوی سے لے کر مولوی قاسم نانوتوی تک لکھتے ہیں کہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم بڑے بھائی کی سی کرنی چاہیے۔ (تقویۃ الایمان، از اسماعیل دہلوی، صفحہ ۵۸)

گاؤں میں جیسا درجہ چوہدری، زمین دار کا ہے ویسا درجہ اُمّت میں نبی کا ہے۔ (تقویۃ الایمان، از اسماعیل دہلوی، صفحہ ۶۱)

نبی کا ہر جھوٹ سے پاک ہونا اور معصوم ہونا ضروری نہیں۔ (تصفیۃ العقائد از قاسم نانوتوی، صفحہ ۲۵)

رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ (تقویۃ الایمان، از اسماعیل دہلوی، صفحہ ۵۶)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مر کر مٹی میں مل گئے۔ (تقویۃ الایمان، از اسماعیل دہلوی، صفحہ ۵۹)

اور دیوبند کے قطبِ عالم مولوی گنگوہی نے لکھا کہ "لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ از رشید احمد گنگوہی، جلد ۲، صفحہ ۱۲) معاذاللہ ثم معاذاللہ

ان کی کتابیں تو اس طرح کے کفریات سے بھری پڑیں ہیں اہلِ انصاف کے لئے فقیر نے کچھ حوالے پیش کئے ہیں۔

تبصرۂ اُویسی: غالباً آیت قرآن: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ (پارہ ۱۷، سورۃ الانبیاء، آیت ۱۰۷)

ترجمہ: ﴿اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔﴾ نظر سے نہیں گزری اور اگر گزری ہے تو کیا انکار آیت

قرآن پرکوئی فتویٰ صادر ہوسکتا ہے یانہیں، یہ وقت بتائیگا۔(فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّیْ مَعَکُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ) (پارہ ۷،سورۃ الاعراف،آیت ۷۱) ﴿ترجمہ: تو راستہ دیکھو میں بھی تمہارے ساتھ دیکھتا ہوں﴾ یہ صرف نمونہ عرض کیا گیا ہے ان کی تفصیل مع تشریح کے لئے فقیر کی کتاب "المسائل فی شرح مرأۃ الدلائل" میں ہے۔

سوال: جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں تو پھر انہیں بشر کہنے میں حرج کیا ہے؟

جواب: یہ قاعدہ شرعی اصول میں سے ہے کہ کسی ایک شئے کا ہونا اور بات ہے پھر اس پر کسی شئے کا اطلاق نہ ہونا اور بات ۔مثلاً اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر شئے کا خالق ہے یہاں تک کہ خنزیر، کتّے، بلّے اور وہ تمام بری اشیاء جنہیں مخالف حضور علیہ السلام کے حاضر و ناظر کے متعلق لکھتے ہیں۔

خود فرماتا ہے: "قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ" (پارہ ۱۳،سورۃ الرعد،آیت ۱۶) ﴿ترجمہ: تم فرماؤ اللہ ہر چیز کا بنانے والا ہے۔﴾ لیکن باوجود ایں ہمہ علم کلام کی کتب میں اللہ تعالیٰ کو خالق القاذورات کہنا جرم ہے۔

"کماقال الملاعلی القاری" اور خالق الخنزیر و خالق الکلاب کہنا بے ادبی و گستاخی۔

کذاقال التھانوی فی البوادر النوادر نتیجہ نکلا کہ اجمالی طور تو کہا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق ہے لیکن تفصیل کے وقت بری اشیاء کا نام لے کر کہنا بے ادبی، گستاخی اور کفر ہے اس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر مان لیں گے لیکن زبان پر نہ لائیں گے کہ یہ کلمہ گستاخوں نے استعمال کیا۔مزید تفصیل فقیر کی کتاب "نور و بشر" میں ہے۔

ابلیس نور کا منکر: رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نور مبارک کا سب سے پہلے ابلیس نے انکار کیا چنانچہ مفسرین کرام لکھتے ہیں کہ جب اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنا چاہا تو فرشتوں کو فرمایا کہ زمین سے ہر قسم کی سُرخ، سفید، سیاہ، کھاری، میٹھی، نرم، سخت، خشک، تر مٹی لاؤ۔فرشتوں نے تعمیل کی۔اسی مٹی سے پروردگارِ عالم نے حضرت آدم علیہ السلام کا خوبصورت پتلا بنایا اور اس میں اپنی رُوح پھونکی اور اپنے حبیب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ان کی پشت میں بطور امانت رکھا۔جس کی وجہ سے ان کی پیشانی آفتاب و ماہتاب کی طرح چمکنے لگی، چنانچہ علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "فی الخبر لما خلق اللہ تعالی آدم جعل ذلك النور فی ظھرہ أی فکان یلمع فی جبینه فیغلب علی سائر نورہ الخ"

(زرقانی علے المواھب،جلد ۱،صفحہ ۴۹) (السیرۃ الحلبیة،الجزء۶،الصفحة۶۷)

یعنی حدیث میں آیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو نور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی پشت مبارک میں رکھ دیا

تو وہ نور ایسا شدید چمک والا تھا کہ باوجود پشتِ آدم میں ہونے کے پیشانی آدم سے چمکتا تھا۔

فائدہ : پشتِ آدم علیہ السلام میں ان کی تمام اولاد کے وہ لطیف اجزاءِ جسمیہ تھے جو انسانی پیدائش کے بعد اس کی ریڑھ کی ہڈی کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اور وہی اس کے اجزاءِ اصلیہ کہلائے جاتے ہیں نہ صرف آدم علیہ السلام بلکہ ہر باپ کے صلب میں اس کی اولاد کے ایسے ہی لطیف اجزائے بدنیہ موجود ہوتے ہیں جو اس سے منتقل ہوکر اس کی نسل کہلاتی ہے اولاد کے ان ہی اجزائے جسمیہ کا آباء کے اصلاب میں پایا جانا باپ بیٹے کے درمیان ولدیت اور ابنیت کے رشتہ کا سنگِ بنیاد اور سببِ اصلی ہے ۔اس لئے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی پُشت میں قیامت تک ہونے والی اولاد کے اجزائے اصلیہ رکھ دیئے ۔ یہ اجزاءِ رُوح کے اجزا نہیں کیونکہ ایک بدن میں ایک ہی روح سما سکتی ہے ایک سے زائد ایک بدن میں روح نورِ ذاتِ محمدی ﷺ کی شعاعیں تھیں ۔

آدم علیہ السلام کوسجدہ کس لئے: اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو۔ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"أن الملائكة أمروا بالسجود لآدم لأجل أن نور محمد علیه السلام فی جبهة آدم"

(تفسیرِ کبیر المعروف تفسیر الرازی، سورۃالبقرۃ، آیت۲۵۳، الجزء۱، صفحه۴۳۲)

یعنی کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم جو فرشتوں کو دیا گیا تھا وہ اس وجہ سے تھا کہ ان کی پیشانی میں محمد ﷺ کا نورِ پاک تھا۔

فائدہ : معلوم ہوا کہ وہ تعظیم وتحیت درحقیقت نورِ محمدی ﷺ کی ہی تھی چنانچہ تمام نوری فرشتے اس نورِ اعظم کی تعظیم کے لئے جھک گئے اور مقبول ہوگئے جو سب سے پہلے جھکا وہ سب کا سردار ہوگیا اس کے بعد درجہ بدرجہ ان کے درجات بلند ہوئے اور ابلیس انکار کرکے ملعون ومردود ہوگیا اور اس کا عابد وزاہد اور موحد ہونا اس کو کوئی فائدہ نہ پہنچا سکا۔

تیرے آگے خاک پر جھکتا ہے ماتھا نور کا	نور نے پایا ترے سجدے سے سیما نور کا

یہاں یہ بات بھی نہایت قابلِ غور ہے کہ شیطان ہزاروں برس اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا رہا مگر اس کا ملعون ومردود ہونا ظاہر نہیں ہوا اس کے ملعون ومردود ہونے کا اظہار حضور ﷺ کی تعظیم کے وقت ہوا۔ معلوم ہوا کہ علامتِ مقبولیت صرف عبادت ہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ تعظیم مصطفےٰ ﷺ بھی ہے۔

دوسرا حوالہ: عارف کبیر سیدی ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ اپنے قصیدے میں فرماتے ہیں۔

یعنی آدم علیہ السلام سے لے کر عیسےٰ علیہ السلام تک جتنے انبیاء کرام گزر چکے ہیں وہ سب آنکھیں اور حضرت محمد ﷺ ان کا

www.Faizahmedowaisi.com

نور ہیں۔

انکار از تقلید: فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِ۔ اس نے اپنی گردن سے تقلید کی رسی دُور پھینک دی یعنی (غیر مقلد) ہوگیا۔

(روح البیا ن مع قرآن، پارہ ١٦)

یہ پہلی کڑی ہے عدم تقلید کی جس کی بنیاد ابلیس نے رکھی اور اس کے مقتدیوں نے۔ اس پر مفصل تبصرہ فقیر کی تصنیف "فضل المجید فی بحث التقلید" میں دیکھئے۔

حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اسے ملائکہ میں مقلد بنا کر رکھا تھا چنانچہ روح البیان کے اسی پارہ میں کچھ آگے چل کر لکھا ہے چونکہ ابلیس کو ضلالۃ واضلاع اور غوریۃ واغوء کے لئے پیدا کیا گیا تھا اس لئے اس کی تخلیق بھی نار سے ہوئی اور نار کی طبع استعلاء واستکبار ہے۔ اگر چہ پیدا کرتے ہی اللہ تعالیٰ نے اسے ملائکہ کے ساتھ ملا دیا اسے ملائکہ کا لباس عنایت فرمایا اس لئے کہ اس کے افعال ملائکہ سے ملتے جلتے تھے لیکن وہ بھی تقلیداً نہ تحقیقاً۔ اسی لئے یہ بھی ملائکہ میں شمار ہونے لگا بعض نے کہا کہ یہ اس قوم سے تھا جسے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا جب انکار کیا تو انہیں آگ سے جلا دیا گیا ان کے بعد انہیں پیدا کرکے آدم علیہ السلام کو سجدہ کا حکم فرمایا سب نے سجدہ کیا لیکن ابلیس نے اپنی پہلی برادری کی طرح سجدہ سے انکار کردیا۔ (روح البیان)

ابلیس کون تھا؟ تکملہ میں لکھا ہے کہ ابلیس اول الجن تھا باقی جنات اسی سے پیدا کئے گئے جیسے آدم علیہ السلام اول الانس ہیں کہ باقی تمام انسان انہی سے پیدا ہوئے بعض نے کہا کہ وہ قوم جن کا بقایا تھا اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی تخلیق سے پہلے جنّات کو پیدا کیا تھا چونکہ انہوں نے زمین پرخون ریزی اور فسادات برپا کئے انہیں ملائکہ کرام سے مٹا دیا گیا یہ ابلیس نیک تھا ان سے زندہ بچ کر رہ گیا۔ (روح البیان)

ابلیس کی سج دھج: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نافرمانی سے پہلے وہ فرشتوں میں تھا عزازیل اس کا نام تھا زمین پر اس کی رہائش تھی اجتہاد وعلم میں بہت بڑا تھا اسی وجہ سے دماغ میں رعونت تھی اس کا تعلق جِنات سے تھا اس کے چار پَر تھے جنت کا خزانچی تھا زمین ودنیا کا بادشاہ تھا۔ (اِبنِ کثیر)

سعد بن مسعود کہتے ہیں کہ فرشتوں نے جنات کو جب مارا تب اسے قید کیا تھا اور آسمان پر لے گئے تھے وہاں عبادت کے لئے رہ پڑا۔ (اِبنِ کثیر)

اس کی تفصیل پہلے گذری ہے۔

ابلیس کو اجماع کا انکار: اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی چودھراہٹ یوں ظاہر کی کہ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَه مِنْ طِیْنٍ (پارہ۲۳،سورۃ ص،اٰیت۷۶)

ترجمہ : بولا میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور اسے (آدم علیہ السلام کو) مٹی سے پیدا کیا۔

فوائد : (۱) اللہ تعالیٰ کی حکمت کے خلاف اپنا نظریہ پیش کر کے لعنت و پھٹکار کو گلے کا ہار بنایا ہے۔ ایسے ہی نبی علیہ السلام کی ظاہری حکمتوں کے خلاف لوگ اپنی مانتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام اگر اپنی امت سے ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں، باقی رہا عمل تو اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہو جاتے بلکہ بڑھ بھی جاتے ہیں۔

(تحذیر الناس از قاسم نانوتوی)

(۲) شیطان کا یہاں پر سب سے بڑا جرم یہ ہوا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے پیغمبر کو بہ نظر حقارت دیکھا تو مارا گیا یہی وجہ ہے کہ جو آج نبوت کی کسی نسبت کی تحقیر کرتا ہے تو اسے قتل کر دینا واجب ہو جاتا ہے۔ اس کی تفصیل کے لئے فقیر کی کتاب ''با ادب با نصیب اور بے ادب بے نصیب'' کا مطالعہ کیجئے۔

(۳) ابلیس نے اپنے علم وعمل کے گھمنڈ میں اجماع کی مخالفت کی جب دیکھ رہا تھا کہ تمام نوری، قدسی، ملکوتی سربسجود ہیں تو خود کو بہتر سمجھ کر سجدہ نہ کیا بلکہ اکڑا رہا یہی تو اجماع کا انکار ہے۔ یہی ہم کہتے ہیں کہ سرورِ عالم ﷺ کے بعد صحابہ کرام و تابعین و تبع تابعین و جملہ مجتہدین اور فقہاء و مشائخ اور اولیاء و علماء تقلید کا درس ہے اور محبوبِ خدا ﷺ بلکہ جملہ محبوبانِ کبریا کے ادب و تعظیم اور مزارات کی حاضری کے قائل عامل رہے لیکن نئی پارٹیوں نے اجماع کو توڑ کر خود مجتہد بننے کی کوشش کی۔

بزم فیضانِ اویسیہ www.Faizahmedowaisi.com

ابلیس کا واویلا: مروی ہے کہ جب نورِ محمد ﷺ حضرت عبد اللہ سے سیدہ آمنہ کے بطن میں منتقل ہوا تو رُوئے زمین کے تمام بت اُوندھے منہ گر گئے اور تمام شیاطین اپنے کام سے دست کش ہو گئے ملائکہ نے تختِ ابلیس کو سرنگوں کر کے سمندر میں پھینک دیا اور چالیس روز تک اُسے سزا دیتے رہے۔ آخر کار وہاں سے جبل بوقبیس پر آ کر اس طرح شور شیں اور فریاد و غوغا کرنے لگا کہ اس کی تمام ذریت جمع ہو گئی کہنے لگا تم پر سخت افسوس ہے کہ محمد ﷺ بن عبد اللہ متولد ہو گئے۔ یاد رکھو اس کے بعد لات و عزّیٰ اور تمام بتوں کی عبادت باطل ہو جائے گی اور دنیا نورِ توحید سے معمور ہو جائے گی اور اسی طرح عرب کے تمام قبائل اور قریش کے تمام کاھن اپنی صفت گاری (بُت پرستی) سے نادم و شرمندہ ہو گئے اور کہانت کا علم اُن سے سلب کر لیا گیا اسی رات زمین و آسمان سے یہ صدا آنے لگی کہ اس نبی آخر الزمان کی آمد کا وقت آ گیا ہے۔

ابلیس کی میلاد دشمنی: حضرت علامہ نورالدین حلبی المتوفی ۱۰۰۰ھ اپنی مشہور تصنیف سیرۃ حلبیہ، جلد۱، صفحہ ۶۵ میں لکھتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تو ابلیس غمگین و پریشان آواز سے رویا اور جب ارادۂ بد سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہونا چاہا تو جبریل علیہ السلام نے اسے ایسی ٹھوکر لگائی کہ وہ عدن میں جا گرا۔

فائدہ : آج کے دور میں مخالفین میلاد کا رونا آنسو بہانا ماہ ربیع الاوّل میں قابل دید ہوتا ہے کہ اخبارات، اشتہارات رسائل، پمفلٹ اور تقریروں سے زمین کو سر پر اٹھا لیتے ہیں وہاں ابلیس کو جبریل علیہ السلام نے دور پھینک مارا۔ یہاں ہر دَور کی حکومت نے ان کے ہر مطالبہ کو ان کے منہ پر مارا اور ان شاء اللہ تعالیٰ تا قیامت محبوبِ خدا، حبیبِ کبریا، شہ ہر دوسرا صلی اللہ علیہ وسلم کا چرچا اسی طرح رہیگا اور جلنے والے جلتے رہیں گے

رہے گا یوں ہی انکا چرچا رہیگا	پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے

سلام و قیام کا دشمن ابلیس: ''ابلیس کا روزنامچہ'' کے عنوان کے تحت ''نقاد'' کراچی بابت اپریل ۱۹۶۴ء میں درج ہے کہ خبر ملاحظہ فرمایئے'' کراچی میں جامع مسجد آرام باغ کی نئی ٹرسٹ کمیٹی کے صدر نے آج جمعۃ الوداع کے بعد نمازیوں کو صلوٰۃ وسلام پڑھنے سے روک دیا جس پر نمازیوں میں زبردست اشتعال پیدا ہوگیا اورانہوں نے مسجد میں نئے صدر کی مرمت کر ڈالی معلوم ہوا کہ قیام مسجد کے وقت سے ہر سال جمعۃ الوداع کے مبارک موقعہ پر مسجد میں صلوٰۃ وسلام کا خصوصی اہتمام کیا جاتا رہا ہے''۔

اس خبر میں قابلِ غور بات یہ ہے کہ قیام مسجد کے وقت سے سلام کا اہتمام ہو رہا ہے۔ قیام اسلام یا ابتدائے اسلام کا ذکر نہیں ہے کیونکہ رسول اللہ کے زمانہ میں کبھی کسی مسجد میں کسی الوداع کے موقعہ پر صلوٰۃ وسلام کا تذکرہ نہیں ملتا۔ اب آرام باغ کی مسجد کے قیام سے یہ سلسلہ اگر شروع ہوا ہے تو بھیا! خدا کی قسم مجھے پتہ نہیں کیا قصہ ہے؟ قرآن اور حدیث میں تو میں نے بڑا تلاش کیا لیکن مجھ جیسے اندھے کو الوداع کے دن یا کسی بھی نماز کے وقت صلوٰۃ وسلام کا تذکرہ نہیں ملا۔ ہوسکتا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہو کہ میں ابلیس ہوں۔ اللہ میاں [1] مجھ سے خوش نہیں ہیں اس لئے یہ اہم مسائل مجھے اپنی کوتاہ بینی کے پیشِ نظر ہی نہ آتے ہوں اور کراچی کے لوگوں پر سب کچھ عیاں ہوگیا ہو۔

تبصرۂ نقّاد: ''ابلیس کا یہ کہنا کہ اللہ میاں مجھ سے خوش نہیں ہیں اس لئے یہ اہم مسائل مجھے اپنی کوتاہ بینی کے باعث نظر ہی نہ آتے ہوں۔'' بالکل درست ہے کیونکہ قرآن وحدیث سے ثابت شدہ مسائل کو صحیح طور پر سمجھنے کے لئے ایمان کی دولت

---

[1] اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ میاں کہنا جائز نہیں دیکھئے فقیر کا فتاویٰ اُویسیہ

نصیب نہیں ہوئی اس لئے اسے اس کی ذریت کو قرآن وحدیث کے مسائل کا صحیح طور پر علم نہیں ہوسکتا......قرآن مجید کی شان میں مولیٰ تعالیٰ جل مجدہٗ نے فرمایا هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ (پارہ ۱، سورۃ البقرۃ، آیت ۲) یعنی قرآن کی ہدایات سے وہی فائدہ اٹھا سکتا ہے جسے دولتِ ایمان حاصل ہو۔(تفسیر بیضاوی، صفحہ ۱۶)

ابلیس اپنی ذریت سمیت لاکھ ٹکریں مارے لیکن اسے صلوٰۃ وسلام کا جواز نہ قرآن میں نظر آئے نہ حدیث میں۔اس کے برعکس اگر کوئی مسلمان پورے ادب واحترام کے ساتھ خداتعالیٰ جل مجدہٗ کی مقدس کتاب قرآن مجید کو کھول کر بائیسواں پارہ، سورۃ الاحزاب، رکوع نمبر ۷ پڑھے تو اسے یہ مبارک آیت صاف نظر آئے گی: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (پارہ ۲۲، سورۃ الاحزاب، آیت ۵۶)

﴿ترجمہ: بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔﴾ اس آیت کے مضمون کو ذہن نشین کرنے کے بعد مومن کا ایمان اسے یہ اصول بھی سمجھائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے بارگاہِ اقدس سید عالم ﷺ میں صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا مطلق حکم دیا ہے کسی وقت کی تعین وتخصیص نہیں فرمائی، لہٰذا ہم جب چاہیں صلوٰۃ وسلام بھیج سکتے ہیں۔نماز جمعہ سے پہلے بھی جمعہ کے بعد بھی۔الگ الگ بھی اور اکھٹے ہوکر بھی۔اللہ تعالیٰ نے کوئی وقت ایسا نہیں بتایا جس میں کہ صلوٰۃ وسلام کا بھیجنا ناجائز وحرام ہو۔لہٰذا اگر کسی جگہ کے مسلمان اپنی سہولت کے لئے کوئی وقت معین کرلیں اور اس میں صلوٰۃ وسلام کے نذرانے بارگاہِ رسالت میں پیش کریں تو کوئی حرج نہیں۔

فائدہ: نقّاد کی تنقید سے ہمیں اتفاق ہے اگرچہ اس سے ابلیس کے چیلے ناراض ہوں تو ہمیں اس کی پرواہ نہیں کیونکہ ابلیس ہمارا اور ہمارے باپ کا دشمن اور اس کے چیلے ہمارے ساتھ دشمنی کریں تو انہیں حق پہنچتا ہے ہاں اسلامی دینی اصول کے لحاظ سے سلام وقیام نہ صرف جائز بلکہ اہل ایمان کو روحانی ذوق نصیب ہوتا ہے، چنانچہ فضلائے دیوبند کے پیرومرشد حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکی رحمہ اللہ یہی فیصلہ فرما چکے ہیں۔

جھاڑ پھونک اوردم درود سے خوف:

حضرت علامہ اسماعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ساتویں پارہ کی تفسیر روح البیان میں لکھتے ہیں کہ حضرت ثعلبہ فرماتے ہیں میں نے اپنے لئے ایک شربت بنایا اور اسے تیار کرکے رکھ دیا اس نیت پر کہ اسے بعد کو پیئوں گا۔صبح کو اٹھا تو وہ شربت غائب تھا۔بصد تلاش آخر نہ ملا پھر دوسرا شربت تیار کیا اور اُس پر سورہ یٰسین پڑھ کر رکھ دیا اور وہی ارادہ کہ صبح کو پیئوں گا۔صبح کو اُٹھ کر دیکھا کہ شیطان اندھا ہوکر گھر کے اندر پھر رہا ہے لیکن شربت تک پہنچنا تو کجا وہ اس گھر میں بھی نہ جا سکا۔

www.Faizahmedowaisi.com

فائدہ : دم درود جھاڑ پھونک سے تو ہماری عزت افزائی ہوئی اللہ تعالیٰ نے وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِي (پارہ۱۴، سورۃ الحجر، آیت ۲۹) ﴿**ترجمہ** : اور اس میں اپنی طرف کی خاص معزّز روح پھونک لوں۔﴾ مٹی کے ڈھیلے کو حضرت انسان بنا کر وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (پارہ ۱۵، سورۃ الاسراء، آیت ۷۰) ﴿**ترجمہ** : اور بیشک ہم نے اولادِ آدم کو عزت دی۔﴾ کا تاج پہنایا، جس سے ابلیس کی چودھراہٹ خطرہ میں پڑی اب اس کے چیلوں کو اپنا خطرہ نہیں بلکہ گروہ کی بے عزتی ایک آنکھ نہیں بھاتی ورنہ جھاڑ پھونک میں کیا ہوتا ہے ''کلامِ الٰہی'' پڑھ کر بیمار کو پھونک مار کر تندرستی وشفاء کی اُمید کی جاتی ہے اور اس کا ثبوت اور جواز قرآن وحدیث میں صریح موجود ہے۔ تفصیل فقیر کی کتاب ''علاج الابدان بالا حادیث والقرآن'' میں پڑھئے۔

فائدہ : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تخلیق بھی اسی عمل کا کرشمہ ہے فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا (پارہ ۲۸، سورۃ التحریم، آیت ۱۲) ﴿**ترجمہ** : تو ہم نے اس میں اپنی طرف کی روح پھونکی۔﴾ اور وہ خود بھی اسی عمل سے بیماروں کو شفا اور مُردوں کو ارواح کی دولت بخشتے تھے ''کما قال فانفخ فيه '' اور کل قیامت میں ہمارا اُٹھنا بھی اسی عمل سے ہوگا '' کماقال تعالٰی: وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (پارہ ۲۳، سورۃ یٰس، آیت ۵۱)

ترجمہ : اور پھونکا جائے گا صور جبھی وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑتے چلیں گے۔

لیکن مُخالفین کو چونکہ اپنے گُرو کو خوش کرنا ہے اسی لئے نہ صرف انکار بلکہ اس کے عامل کو شرک کی وعید شدید سناتے ہیں۔ اور ''ڈوبتے کو تنکے کا سہارا'' مثال مشہور ہے۔ اپنی بات منوانے کے لئے وہ روایات پیش کرتے ہیں جو زمانہ جاہلیت کی غلط رسموں کو روکنے کے لئے حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائیں، لیکن یار لوگوں نے ان روایات کو اہلِ اسلام پر تھوپ دیں اور یہ بھی حضور نبی پاک، شہ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے جیسا کہ فرمایا کہ ایسی قوم پیدا ہوگی جو مسلمانوں کو مشرک کہتی پھرے گی، چنانچہ سب کو معلوم ہے کہ نجدیت سے لے کر دیوبندیت تک تمام عالمِ اسلام کے مسلمانوں کو یہی لوگ مشرک بناتے ہیں تفصیل کے لئے دیکھئے فقیر کی کتاب ''وہابی دیوبندی''۔

بے ادب اور گستاخ ابلیس کے معززین : حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابلیس سے پوچھا تیرے نزدیک معزز اور محبوب کون ہے۔ کہا جو ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو گالی دے۔ (نزهته المجالس، جلد۲، صفحه ٥٦)

فائدہ : یہ صرف نمونہ کے طور شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ہم نے مثال دی ہے ورنہ ابلیس ہر محبوبِ خدا کو گالی دینے اور اُن سے بغض وعداوت رکھنے اور ان کی بے ادبی اور گستاخی کرنے والے سے پیار اور صرف اسی کو اپنا معزز ومحترم

www.Faizahmedowaisi.com

سمجھتا ہے۔

ناظرین کودعوتِ انصاف ہے کہ محبوبانِ خدااولیاءکرام کی عزت واحترام پرکون سی پارٹی حملہ آور ہے ان کی تقریریں، تحریریں گواہ ہیں فقیر کیا عرض کرے۔

ابلیس تقیہ باز : جب آدم وحوا علیہما السلام بہشت میں تشریف فرما تھے تو شیطان حاضر ہوکر وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّی لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ (پارہ ۸،سورۃ الاعراف،آیت ۲۱) ﴿**ترجمہ**: اوران سے قسم کھائی کہ میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں۔﴾

فائدہ : شیعوں کا تقیہ تو سب کومعلوم ہے لیکن ہمارے دور میں دیوبندیوں کا تقیہ شیعہ فرقہ سے پندرہ گز آگے ہے اسکے لئے دلائل کی ضرورت نہیں۔ مساجد میں گھس جانا تقیہ کرکے رہنا پھر مساجد پر قبضہ جمالینا کس پارٹی کا شیوہ ہے اور یہ عملی تقیہ مولوی اشرف علی تھانوی کا مرہونِ منّت ہے جب کہ کان پور میں میلا د شریف کی محفلوں میں آنے جانے لگا۔ مولوی رشید احمد گنگوہی نے ٹوکا تو جواب دیا کہ اس میں مصلحت ہے۔ (تفصیل دیکھئے تذکرۃ الرشید)

ابلیس کی تین طلاقیں: شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ''میں مکہ میں عالمِ رؤیا میں رسولِ اکرم شفیعِ اعظم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا، دیکھا کہ حضور ﷺ جلوہ افروز ہیں اور محمد بن مالک صدفی بخاری شریف سنا رہے ہیں تو میں نے ایک مسئلہ دریافت کیا۔ عرض کیا۔

سوال: ''یارسول اللہ ﷺ! ایک شخص اپنی بیوی کو کہتا ہے کہ تجھے تین طلاقیں ہیں تو کیا تین طلاقیں ہی واقع ہوں گی یا ایک رجعی ہوگی؟''

جواب : یہ سُن کر سید دوعالم ﷺ نے فرمایا ''خاوند کے کہنے کے مطابق تین واقع ہوں گی۔''

سوال: میں نے عرض کیا۔ ''یارسول اللہ ﷺ! بعض علماء کہتے ہیں کہ ایک واقع ہوگی۔''

جواب : فرمایا ''انہوں نے جو اُن تک دلائل پہنچے اس کے مطابق حکم لگایا ہے۔''

سوال: میں نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! میں اس مسئلہ میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ پوچھتا ہوں جو آپ نے فرمایا ہے''

جواب : یہ سُن کر حضور ﷺ نے فرمایا: فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ (پارہ ۲،سورۃ البقرۃ،آیت ۲۳۰)

ترجمہ : پھر اگر تیسری طلاق اسے دی تو اب وہ عورت اسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرے۔

ابلیس: جب سرکار نے یہ حکم فرمایا تو میں نے دیکھا کہ مجلس میں ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے بحث شروع کردی

اوروہ ابلیس تھا۔اُس کی اس تکرار سے میں نے دیکھا کہ سیدِ دو عالم ﷺ کا چہرۂ انور سرخ ہو گیا۔گویا کہ حضور کے رُخسار مبارک میں انار نچوڑا گیا ہے اورحضور غضب ناک ہو گئے اورسرکار نے بلند آواز سے متعدد مرتبہ جھڑک کر فرمایا'' کیا تم بدکاری کرنا چاہتے ہو؟'' ''یہ تین طلاقیں ہیں، یہ تین طلاقیں ہیں۔'' بعدازاں پھر سنانے والے نے صحیح بخاری سنانا شروع کردی جب ختم ہوگئی تو حبیبِ خدا سیدانبیاء ﷺ نے دعا فرمائی پھر آنکھ کھل گئی۔''

(رسالہ مبشرات للشیخ الاکبر ، سعادۃ الدارین ،صفحہ ٤٧٧)

اس مبارک خواب سے بھی اس مضمون کی تائید ہوتی ہے کہ ایک مجلس میں تین طلاقیں دی جائیں تو وہ تین ہی واقع ہوں گی اوراگر کوئی شخص ایسی مطلقہ بیوی کو آباد کرلے تو ہمیشہ بدکاری ہوتی رہے گی۔اوراولاد بھی ناجائز پیدا ہوگی جب تک کہ حلالۂ شرعی نہ ہو۔

تبصرہ از اُویسی : طلاق ثلاثہ بیک وقت وقوع کا سب سے پہلا ابلیس ہے۔اس کی پیروی کس نے کی اس کے متعلق تفصیل کی ضرورت نہیں صرف ایک حوالہ پڑھ لیجئے

ابن تیمیہ اورغیر مقلدین: آیتِ مبارکہ ''فَلَا تَحِلُّ لَهٗ '' (پارہ۲،سورۃالبقرۃ،ایت۲۳۰) کے تحت مفسرِ قرآن شیخ صاوی علیہ رحمۃ الباری نے نقل فرمایا آیت کا معنٰی یہ ہے کہ اگر یکدم یا الگ الگ تین طلاقیں دیں تو عورت اُس پرحلال نہیں ہوگی ۔مثلاً کوئی کہے کہ میں نے تجھے تین طلاق دی تو وہ اس پر اتنا کہنے سے بھی حرام ہوجائے گی اوراس پرعلماء کا اجماع ہوچکا ہے اورابن تیمیہ کے علاوہ کسی بھی معتمد عالم نے یکدم تین طلاق کو ایک طلاق شمار نہیں کیا ہے۔ابنِ تیمیہ کا ردّ اس کے ہم مذہب علماء وآئمہ نے بھی کیا یہاں تک کہ علماء نے ابنِ تیمیہ کو گمراہ کنندہ کہا ہے۔''

www.Faizahmedowaisi.com

فتاوی ثنائیہ میں بھی منقول ہے کہ ''نواب صدیق حسن خان نے ''اتحاف النبلاء'' میں جہاں شیخ ابن تیمیہ کے متفردات مسائل لکھے ہیں اس فہرست میں طلاقِ ثلاثہ کا مسئلہ بھی لکھا ہے کہ جب ابن تیمیہ نے تین طلاق کے ایک مجلس میں ایک طلاق ہونے کا فتویٰ دیا تو بہت شور ہوا۔ابن تیمیہ اوراُن کے شاگرد ابن قیم پرمصائب برپا ہوئے اُن کو اونٹ پر سوار کرکے درّے مار مار کرشہر میں پھرا کرتو ہین کی گئی۔قید کئے گئے اس لئے کہ اس وقت یہ مسئلہ علامت روافض کی تھی۔''

(فتاویٰ ثنائیہ ،جلد۲، صفحہ ۲۱۹)

مزید لکھا ہے کہ ''تین طلاق مجلسِ واحد کا ایک حکم میں ہونا یہ مسلک صحابہ، تابعین، تبع تابعین وغیرہ ائمہ محدثین متقدمین کا نہیں ہے یہ مسلک سات سوسال کے بعد کے محدثین کا ہے جو ابن تیمیہ کے فتویٰ کے پابند اوران کے معتقد ہیں۔'' (فتاویٰ ثنائیہ،جلد۲ ،صفحہ ۲۱۹)

غیر مقلدین وھابی: اب ہمارے دور میں وہابی غیر مقلدین طلاقِ ثلاثہ کے بیک وقت وقوع کے نہ صرف منکر ہیں بلکہ الٹا اس کے منکر کو گمراہ اور بے دین گردانتے ہیں بلکہ خود اپنے ہم مسلک مولوی ثناء اللہ امرتسری کو بھی گمراہ کہتے ہیں اس کے اور وجوہ بھی ہیں جنہیں فقیر نے کتاب ''شتر بے مہار'' میں تفصیل سے لکھا ہے، منجملہ ان کے ایک یہ بھی ہے کہ اس نے ابن تیمیہ کا خلاف کیوں کیا اور یہ کیوں کہہ دیا کہ علامت روافض اور یہ مسلک سات سو سال بعد کا ہے۔

علامات ونشانات اولادِ ابلیس: ابلیس کی اولادِ حقیقی سے ہماری بحث نہیں بلکہ اس کی معنوی اولاد کو ظاہر کرنا ہے کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کے سامنے دم مارا کہ وہ اپنے چیلے چانٹے اولاد آدم سے بنائے گا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ابلیس نے اپنے چیلے چانٹے تیار کئے تو ان کی نشانیاں کون سی ہیں ۔ فقیر معتبر و مستند کتب سے چند علامات ذکر کرتا ہے۔

انبیاء واولیاء سے دشمنی: صاحبِ روح البیان رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر کے پارہ ۱۵ میں لکھتے ہیں کہ ''وہ آدم زادے جن کی شکل وصورت تو آدم علیہ السلام جیسی ہو لیکن ان کے کردار ابلیس جیسے ہوں تو انہیں شیاطین الانس سمجھو ان کی علامت یہ ہے کہ ابلیس معنوی اولاد کو اپنا حامی کار بناتا ہے جو شب وروز اس کی اطاعت میں لگے رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ رحمٰن کی اطاعت سے منہ موڑتے ہیں وہ ذریت شیطان کے چیلے بننے پر فخر کرتے ہیں لیکن آدم علیہ السلام کی حقیقی اولاد یعنی انبیاء واولیاء کی اطاعت سے کتراتے ہیں انہیں اولیاء واعداء کے مابین امتیاز نہیں رہتا۔

فائدہ: نجدی وہابی (غیر مقلدین) اور دیوبندی اپنی تصانیف اور تقریروں میں بتوں کی آیات انبیاء واولیاء پر چسپاں کرتے ہیں۔ جیسا کہ سب کو معلوم ہے۔

آخری بات: یہ داستان طویل ہے فقیر نے صرف چند نمونے عرض کئے ہیں۔ اب چند حوالے ملاحظہ ہوں کہ جن لوگوں نے انبیاء واولیاء کے کمالات کو ماننے پر شرک کا فتویٰ دیا لیکن وہی کمالات ابلیس کے لئے ثابت کئے چند نمونے حاضر ہیں۔

ابلیس کا علم محیط: علمائے دیوبند کا قطب مولوی رشید احمد گنگوہی اور مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے براہین قاطعہ میں لکھا کہ ''الحاصل غور کرنا چاہیے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاسِ فاسدہ سے ثابت کرنا محض شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصّہ ہے۔ شیطان و ملک الموت کے لئے یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے کون سی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔ (براھین قاطعہ، صفحہ ۵۱، مطبوعہ انڈیا دیوبند)

شانِ درود: حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مولانا عبدالسمیع رامپوری کمہاران (رحمۃ اللہ علیہ) نے مجلس میلاد اور سلام وقیام وفاتحہ کے اثبات میں ایک کتاب لکھی ''انوار ساطعہ'' اس میں ثابت کیا کہ بعض مجلس

میلاد میں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف لانا یا آپ کو اس کا علم ہونا بعید از امکان نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی سب سے بُری مخلوق شیطان اور بہتر مخلوق حضرت ملک الموت کے لئے ایسی صفت اپنے پرائے سب مانتے ہیں۔ اس کے جواب میں مذکورہ بالا عبارت دیوبند کے دوستوں نے لکھ ماری جس پر عرب وعجم کے علماء ومشائخ نے اس کی تکفیر کی۔ لیکن افسوس کہ اس سے ندامت کے بجائے فضلائے دیوبند اس منحوس عبارت کی تصحیح پر ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔

مذکورہ بالا عبارت نے فیصلہ فرمادیا کہ آپ کے لئے ایسا عقیدہ رکھنا شرک ہے اب اللہ تعالیٰ کے لئے بھی ان کا عقیدہ پڑھ لیجئے۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی اپنی کتاب "تقویۃ الایمان" میں لکھتا ہے جو اللہ کی شان ہے اور اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں، سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو نہ ملائے وہ کتنا ہی بڑا ہو اور کیسا ہی مقرب مثلاً کوئی کسی سے کہے کہ فلاں درخت میں کتنے پتے ہیں تو اس کے جواب میں نہ کہے کہ اللہ ورسول جانے کیونکہ غیب کی بات اللہ ہی جانتا ہے رسول کو کیا خبر۔

تبصرہ: افسوس کہ درخت کے پتے جاننے کو خدائی علم محدود کر دیا اور کہہ دیا کہ اس میں مخلوق کو دخل نہیں حالانکہ یہ تو معمولی بات ہے لیکن اس میں نبی علیہ السلام کو بے خبر بتادیا اور ابلیس کے لئے کہا کہ اس کا ساری زمین کا علم محیط ہے۔

دوسرا حوالہ: مولوی حسین علی واں بھچرانوی نے تفسیر بلغتہ الحیران، پارہ نمبر ۱۲، پہلی آیت کی تفسیر میں معتزلہ کے عقیدہ کو ترجیح دی کہ "اللہ تعالیٰ کو بندوں کے اعمال کا اس وقت تک علم نہیں ہوتا جب تک وہ کام (عمل) کر نہیں لیتے۔"

تبصرہ: جس برادری کا عقیدہ خدا تعالیٰ کے لئے ایسا گھٹیا ہو وہ اگر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا علم گھٹا کر بیان کریں تو اس سے تعجب نہیں کرنا چاہیے۔

شیطان کا دُور سے تصرف: مولوی ظفر احمد تھانوی نے رسالہ "انوار الصوم"، صفحہ ۳۰ پر ایک اعتراض کا جواب دیتے ہوئے لکھا کہ اس کا انکار نہیں ہوسکتا کہ جب شیاطین قید ہوگئے تو پھر وہ آدمیوں کو (رمضان میں) کس طرح بہکاتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ دُور سے بذریعہ توجہ کے تصرف کرتے ہیں الخ

فائدہ: کتاب مذکورہ اشرفیہ کتب خانہ تھانہ بھون (انڈیا) ۱۳۴۷ھ میں شائع ہوئی۔ فقیر کے پاس موجود ہے۔

تبصرہ اُویسی غفرلہٗ: شیطان کے لئے تو اتنا بڑا تصرف ماننا عین اسلام ہے اگر ایسے تصرفات حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیائے کرام کے لئے مانے جائیں تو شرک اس کی وجہ وہ خود ہی بتا سکتے ہیں۔

شیطان ہر قبر میں: ہر قبر میں شیطان کے موجود ہونے کے یہ لوگ قائل ہیں کیونکہ حدیث شریف سے ثابت ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر قبر میں موجود ہونے کے منکر ہیں اس کے متعلق فقیر کا رسالہ ہے "القول المؤید فیما تقول فی ھذا رجل المحمد" عرفی نام "ہر قبر میں زیارتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم"۔

تبصرہ اویسی غفرلہٗ: بتائیے کہ شیطان کی اتنی بڑی زبردست قدرت ماننا کہ وہ ہر قبر میں ہوتا ہے اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لئے انکار کرنا اس کی وجہ کیا ہے یہ ان سے پوچھئے۔

لطیفہ: مخالفین ابلیس کے علم محیط اراضی کے نہ صرف قائل ہیں بلکہ اس کے منکر کو کافر کہتے ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ اس کا علم نصوص قطعیہ سے ثابت ہے۔(براہینِ قاطعہ) لیکن حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لئے ایسا عقیدہ رکھنا شرک ہے (براہین) لیکن سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں خیر وشر کو پیدا فرمایا ہے اور یہ دونوں لازم وملزوم ہیں افسوس ہے کہ مخالفین شر کے لئے تو زمین وآسمان کے قلابے ملا رہے ہیں اور جس آقا صلّی اللہ علیہ وسلّم کا کلمہ پڑھتے ہیں اس سے نہ صرف انکار بلکہ ماننے والے کو مشرک کہتے ہیں۔معلوم ہوا کہ مخالفین شر پسند ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہر شے سے پناہ مانگنے کا حکم فرمایا ہے اسی لئے ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے شر سے بچائے۔(آمین)

لفظ نبی خود غیب کے عقیدہ کا پابند کرتا ہے کیونکہ یہ نبأ سے ہے بمعنی غیبی خبر دینا اگر اسے مُطلق خبر کے لئے محدود رکھا جائے تو پھر مخبر کو نبی مانا جائے لیکن ایسا نہیں بلکہ اس کو نبی ماننا فرض ہے جو اللہ تعالیٰ کی جانب سے غیبی خبریں دے۔اسی لئے نبی علیہ السلام کے لئے علم غیب ماننا پڑے گا۔لیکن وہ نہیں مانتے۔مگر شیطان کے لئے مانتے ہیں ایسا کیوں؟

ان حقائق سے ماننا پڑے گا کہ وہ ابلیس کے کمالات کے قائل ہیں اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لئے منکر ہیں۔

آخری گذارش: اس بحث کو یہاں ختم کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ کریم ہمیں اپنے نبی پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کے سچے اور پکے نیاز مندوں سے بنائے۔

فقط والسلام

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی غفرلہٗ

بہاول پور۔پاکستان ۲۱ شعبان المعظم ۱۳۸۸ھ

☆......☆......☆

بزم فیضان اویسیہ
www.FaizAhmedOwaisi.com